

مولفہ:

ابو یوسف محمد منیر چوہٹیہ

بتعاون:

ابو الممتاز ارشاد احمد عباسی

ناشر:

ادارہ تحقیق راجپوت چوہان چوہٹیہ
مدھانی والا۔ ضلع بہاولنگر

گلشنِ چوٹیہ (چوہان)

چوٹکی سی چوٹیا لقب پے گیا
پوترا مشہور دادا دور رہہ گیا

تحفہ برائے جناب [illegible] چوٹیا [illegible]

از محمد منیر چوٹیا [illegible]

7-4-99-

مولف

ابو یوسف محمد منیر چوٹیہ

بتعاون ابوالممتاز ارشاد احمد عباسی

ناشر:۔ ادارہ تحقیق راجپوت چوہان چوٹیہ مدھانی والہ۔

براستہ منڈی صادق گنج ضلع بھاول نگر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمان خداوندی ہے

"اے لوگو! ہم نے تم کو جوڑا سے پیدا کیا اور بنائیں تمہاری ذاتیں اور قبیلے تاکہ آپس میں پہچان ہو۔ تحقیق اللہ کے نزدیک عزت و تکریم کا معیار تقویٰ ہے۔"

(القرآن)

فرمان نبویؐ ہے

"تم اپنے نسبوں کا علم سیکھو تاکہ اس کے ذریعے تم اپنے رشتے ملاؤ۔ بے شک اپنے اقرباء سے سلوک رکھنا کنبے میں محبت کرنا ہے۔ اس سے مال میں زیادتی ہوتی ہے اور عمر بڑھتی ہے۔"

(حدیث)

نام کتاب:۔ گلشن چوٹیہ

مولفہ:۔ ابو یوسف محمد منیر چوٹیہ

بتعاون:۔ ابو الممتاز ارشاد احمد عباسی

ناشر:۔ ادارہ تحقیق راجپوت چوہان چوٹیہ
مدھانی والا اڈا کھانہ خاص۔ ضلع بہاول نگر

کتابت:۔ فیاض کمپیوٹر کمپوزنگ سنٹر الفضل مارکیٹ لاہور

ضخامت:۔ ۲۳۷

سن طباعت:۔ ۱۹۹۷

تعداد:۔ دو ہزار

قیمت:۔

فہرست مضامین

تیسرا باب

چوتھا باب

۲۵۔ منشی نور احمد

۲۶۔ حاجی صدر دین

۲۷۔ میاں محمد حسین

۲۸۔ چوہدری عبدالعزیز

۲۹۔ صوفی محمد صدیق

۳۰۔ میاں خوشی محمد اختر

۳۱۔ حاجی چوہدری احمد دین

۳۲۔ میاں ناظر حسن چوٹیہ

۳۳۔ چوہدری فقیر محمد چوٹیہ

۳۴۔ چوہدری ولی محمد چوٹیہ

۳۵۔ ماسٹر نذیر احمد چوٹیہ

۳۶۔ میاں محمد ابراہیم چوٹیہ

۳۷۔ چوہدری عبدالعزیز چوٹیہ

۳۸۔ چوہدری غلام رسول چوٹیہ

۳۹۔ میاں علی محمد چوٹیہ

۴۰۔ میاں تاج محمد چوٹیہ

۴۱۔ چوہدری سراج الدین چوٹیہ

۴۲۔ حاجی میاں محمد دین چوٹیہ

۴۳۔ ماسٹر ہوشناک علی چوٹیہ

۴۴۔ مولانا شہاب الدین چوٹیہ

۴۵۔ مولانا محمد موسے چوٹیہ

۴۶۔ چوہدری محمد خواجے خاں چوٹیہ

۴۷۔ حضرت بابا خلیل احمد چوٹیہ

۴۸۔ چوہدری غلام قادر چوٹیہ

۴۹۔ حافظ نصیر الدین چوٹیہ

۵۰۔ میاں پہلوان چوٹیہ

۵۱۔ میاں محمد صدیق چوٹیہ

۵۲۔ میاں محمد امیر چوٹیہ

۵۳۔ میاں غلام رسول چوٹیہ

۵۴۔ میاں عبد الجبار چوٹیہ

۵۵۔ میاں محمد احمد چوٹیہ

۵۶۔ مولوی نور محمد سوتروی

پانچواں باب

ڈائریکٹری

چھٹا باب


کون کہاں آباد ہے؟

انتساب

میں اپنی کاوش چوہیہ چوہان راجپوتوں کے ہر دلعزیز سپوت میاں محمد سلیم چوہیہ ایڈووکیٹ اور اپنے نانا حضرت مولانا نور احمدؒ پنوار فاضل دیوبند کے نام کرتا ہوں۔ بقول شاعر

قیس سا پھر نہ اُٹھا کوئی بنی عامر میں
فخر ہوتا ہے گھرانے کا سدا ایک ہی شخص

ابو یوسف محمد منیر چوہیہ



دیباچہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ نصلی علیٰ رسولہ الکریم

برصغیر پاک و ہند کی تاریخ راجپوتوں کے کارہائے نمایاں سے رقم ہے راجپوتوں کی بے شمار شاخیں اور گوتیں ہیں۔ راجپوتوں کا تعلق آریا نسل سے بتایا جاتا ہے۔ راجپوت جوانوں نے اس سرزمین کے دفاع اور تحفظ کے لئے اپنی جانوں کے نزرانے پیش کئے ہیں۔ ہر گوت اور شاخ کی بہادری کے کارنامے علیحدہ علیحدہ ہیں۔ پنوار راجپوت ہوں یا چوہان راجپوت' چندربنسی راجپوت ہوں یا سورج بنسی راجپوت ان کے افراد نے اپنے خون سے ان علاقوں کو تحفظ فراہم کیا۔ راجہ محمد انور جنجوعہ کے بقول "بڑے بڑے راجپوت سرداروں نے ماضی سے لے کر حال تک ہر دور میں اپنی جانثاری کا ثبوت دے کر اقوام راجپوت کا طرۂ امتیاز بلند اور اپنی قوم کے جھنڈے و پرچم کو ہمیشہ سربلند رکھا ہے۔ ہر دور میں ہر شاہ کے زمانے میں ہر گوت راجپوتوں کے عظیم فرزند پیدا کرتی رہی۔ جن کی ہمت و استقلال نے رزم

گاہوں میں اپنی ثابت قدمی کی وجہ سے بڑا نام پایا۔ عظیم قوم کے خالص شاہی خون نے اپنی نسلی امتیاز کو برقرار رکھا۔ نیلگوں آسماں نے راجپوت کی تیغ آبدار کو رن میں ایسی شان سے چمکتے دیکھا جس کی داد دشمنوں نے بھی اپنے پاکیزہ الفاظ میں دی۔"

ہر خاندان کے اکابرین کا فرض بنتا ہے کہ وہ اپنے تاریخی کارناموں کو صفحہ قرطاس پر منتقل کرے تاکہ آنے والی نسلیں ان سے استفادہ حاصل کر سکیں۔ تاریخ کیا ہے اس کا کیا کام ہے۔ مولوی عزیز الرحمن عزیز لکھتے ہیں کہ

"بے شبہ تاریخ ایک اولوالعزم مطالعہ کرنے والے کے دل میں عزت و اقتدار حاصل کرنے کی ہوس پیدا کرتی ہے لیکن کوئی عقلمند اس کو برا نہیں خیال کر سکتا۔ بلکہ بری بات تو یہ ہے کہ اگر تاریخ اپنے مطالعہ کرنے والوں کو یہ سبق دے کہ اے تھکے ہوئے مسافر! تو منزل پر نہیں پہنچ سکے گا واپس چلا جا۔

تاریخ تو ناامید اور تھکے ہوئے مسافر کو یہ کہہ کر ابھارتی ہے کہ "جوانو! وہ سامنے منزل مقصود ہے ذرا اور ہمت کرو اور ماضی کے واقعات پر نظر رکھ کر آگے بڑھو اور منزل مقصود پر پہنچ کر ستا لینا۔

ہمت ہارنا اچھا نہیں ہے۔"

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ تاریخ قصہ گوئی اور تضیع اوقات کے سوا کچھ نہیں۔ زمانہ ماضی کی داستانیں سنا کر پدرم سلطان بود کا سبق دیتی ہے۔ ان لوگوں کا یہ خیال صحیح نہیں ہے بلکہ کتب سماوی میں بھی تاریخی واقعات بیان کئے گئے ہیں۔ بابل و نینوا کے حالات' بنی اسرائیل کے حالات وغیرہ آسمانی کتب میں موجود ہیں۔ زمانہ ماضی سے پیوستہ رہ کر ہی مستقبل کی راہوں کو روشن کیا جاسکتا ہے۔

ع پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

فی زمانہ ہر خاندان اپنی تاریخ مرتب کر رہا ہے۔ تاکہ لوگوں کو اپنے پہچان کروا سکے۔ زیر نظر کتاب "گلشن چوٹیہ" کے مولف جناب محمد منیر چوٹیہ صاحب نے قاسم العلوم فقیر والی سے فاضل عربی کا امتحان پاس کر کے سند لی جسے شہادت العالمیہ کہتے ہیں۔ بعد ازاں تقابلی مطالعہ مذاہب مختلف مدراس کی لائبریریوں سے کیا۔ جناب ضیاء الحق صاحب کے دور میں بطور عربی مدرس سرکاری ملازمت اختیار کرلی۔ غیر مقلدین کے ساتھ مناظرے بھی کرتے رہے۔ مذہبی کتب کا مطالعہ خوب کرتے۔ پھر بندہ کے ساتھ دوستانہ مراسم ہونے کی وجہ سے کتب

تاریخ سے بھی لگاؤ پیدا ہوتا گیا۔ چنانچہ انہوں نے گلشن چوٹیہ مرتب کرنے کا ارادہ کیا۔ ایک پروانے کی طرح چوٹیہ خاندان کے ایک ایک فرد سے رابطہ قائم کیا اور پتیوں کی ٹوکریاں بھر کر اکٹھی کیں۔ ان پتیوں کو مرتب کر کے گلشن بنایا گیا جو آپ کے سامنے ہے۔ مجھ سے ان کی جو امداد ہو سکی کی گئی۔ اب قدر دانوں نے اس کی قدر کرنی ہے ہم نے گلدستہ تیار کر دیا اور بقول شاعر

یہ گلدستہ ہم نے بنایا ہے
پھولوں سے اس کو سجایا ہے
پھول چنے ہیں ہم نے سارے
ننھے منھے پیارے پیارے

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالی چوٹیہ موصوف میں مزید علمی و ادبی ذوق پیدا کرے۔ چوٹیہ موصوف مدھانی والا کے رہائشی ہیں۔ مدھانی والا کی بستی میں پہلے کئی شعراء نے اپنی کتب تصنیف فرمائیں۔ مثلاً" حافظ محمد سلطان اور مولوی محمد دین وغیرہ۔ اب یہ کتب نایاب ہیں بلکہ نسل نو کو علم تک نہیں۔ ان کے بعد چوٹیہ موصوف کی یہ کتاب منظر عام پر آ رہی ہے۔ ان کے جذبہ ولگن سے محسوس ہوتا ہے کہ وہ کئی

کتب مرتب فرمائیں گے۔ قارئین کرام کی خدمت میں التماس کرتا ہوں کہ میرے لئے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالی عاقبت کو سنوار دے۔ آمین ثم آمین۔

۱۴-۶-۹۷

ابوالممتاز ارشاد احمد عباسی
عباسی لائبریری فتح گڑھ
براستہ منڈی صادق گنج۔ ضلع بھاول نگر



پیش لفظ

دنیا میں ہر قوم اپنی تاریخ سے پہچانی جاتی ہے راجپوت قبائل کے متعلق بہت کتب تاریخ منظر عام پر آچکی ہیں لیکن چوہان راجپوتوں کی چوٹیہ گوت کے متعلق کوئی کتاب موجود نہیں تھی۔ چنانچہ میں نے ارادہ کیا کہ چوٹیہ خاندان کے متعلق بھی کوئی کتاب ہونی چاہیئے۔ میرے اس جذبے کو میرے دوست ارشاد احمد عباسی نے سراہا اور حوصلہ افزائی کی۔ چنانچہ میں لنگر لنگوٹ کس کر چوٹیوں کی تلاش میں نکل کھڑا ہوا۔ چونکہ میں سمجھتا تھا کہ اس گوت کے رجال کا فرض بنتا تھا کہ چوٹیہ خاندان کے متعلق مواد منظر عام پر لایا جائے تاکہ موجودہ نسل اپنی اصلیت سے آگاہ ہو سکے اور آنے والی نسلیں اس تاریخی مواد سے استفادہ حاصل کر سکیں۔

بندہ نے کافی عرصہ جدوجہد کرنے کے بعد "گلشن چوٹیہ" کے نام سے مواد پیش کر دیا ہے۔ ناظرین سے عموماً" اور چوٹیہ خاندان سے خصوصاً" اپیل ہے کہ انسان غلطی کا پتلہ ہے۔ جہاں کہیں غلطی نظر آئے مجھے مطلع فرمائیں تاکہ دوسرے ایڈیشن میں اصلاح کی جا سکے۔ اگر کسی کے پاس مزید مواد ہو تو وہ بھی براہ کرام میری رہنمائی کے لئے

بھیج دیں تاکہ آئندہ شامل کیا جاسکے بندہ شکر گزار ہو گا۔ بندہ ناچیز کی یہ معمولی سی کاوش ہے قبول فرمائیں۔

خادمان قوم کا یہ شیوہ ہے قوم پر نثاری ہوی
بندگی ہے یہی کہ اللہ کے بندوں میں شمار ہوں

آخر میں ان سب احباب کا شکر گزار ہوں جنھوں نے دامے درمے قدمے سخنے میری مدد فرمائی۔ اللہ تعالی جزائے خیر عطا فرمائے۔ قارئین کرام "وفیات عالم" بھی جلد پیش کی جارہی ہے۔

خاکسار
...ھانی والا
...اول نگر



پہلا باب

۱۔ راجپوت

۲۔ پنجاب کا سورما راجپوت

۳۔ راجپوتوں کی ابتدائی معردف راجدھانیاں

۴۔ راجپوتوں میں اسلام

۵۔ چھتیس اقوام شاہی

۶۔ نظم اے راجپوت ایب جاگ بھی جا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

راجپوت

ہندوستان کی تاریخ راجپوتوں کے ذکر کے بغیر نامکمل و ادھوری رہتی ہے راجپوت کے لفظی معانی راجہ کا پوت یعنی راجہ کے بیٹے کے ہیں۔ راجپوتوں کی تاریخ بہت قدیم ہے لفظ راجپوت دیکھنے کو تو ایک چھوٹا سا لفظ ہے مگر اپنے اندر ایک بامعنی تاریخی داستانیں سمیٹے ہوئے ہے۔ زمانہ قدیم میں راجپوتوں کی دو قسمیں تھیں۔

۱۔ سورج بنسی ۲۔ چندر بنسی

بہت پرانے زمانے کی بات ہے کہ راجپوتوں اور پٹھانوں کے درمیان ایک زبردست جنگ ہوئی جو کابل سے پنڈی اور پنڈی سے کوئٹہ تک لڑی گئی اس کا اٹک مورچہ تھا۔ اگرچہ اس لڑائی میں راجپوتوں کو شکست ہوئی تاہم راجپوت جوانوں نے جرات و بہادری کے جوہر خوب دکھائے راجپوتوں نے اپنی شکست کا بدلہ لینے کے لئے

جنگی تیاریاں شروع کر دیں اور قومی نعرہ بلند کر کے ایک راجپوت کانفرس منعقد کی جس میں ہندوستان بھر کے تمام راجپوت رجواڑوں کو دعوت دی گئی جس کا ٹائم چار بجے شام مقرر تھا جو راجپوت وقت مقررہ سے پہلے شامل کانفرنس ہوئے انہیں سورج بنسی اور جو غروب آفتاب کے بعد پہنچے انہیں چندر بنسی کے نام سے پکارا جانے لگا۔ اس کانفرنس میں دوبارہ لڑائی کی حکمت عملی طے ہوئی اور راجپوت قوم اپنی عزت اور حدود وطن کی بقاء کے لئے بہادری سے لڑی اور پٹھانوں کے چھکے چھوٹ گئے۔ پٹھانوں سے ہزاروں میل کا علاقہ فتح کیا اور پتھروں سے سرحدیں قائم کیں جسے اب صوبہ سرحد کہتے ہیں یہ صوبہ راجپوتوں نے فتح کیا تھا جس کا ذکر تاریخ حصار میں بھی ملتا ہے۔

سورج بنسی خاندان کو جب دریائے اٹک پر فتح ہوئی تو انہوں نے ملتان کے قریب سورج کنڈ آباد کیا اور ملتان کے حکمران بنے۔ وہاں کافی عرصہ تک حکمرانی کی۔ راجہ بھیم کی اولاد میں سے بھون سنگھ نے بھونہ آباد کیا اور مونگ میں شاہی قلعہ تعمیر کرایا اور اسے اپنی راجدھانی بنایا۔ بھون سنگھ کا بیٹا تنور سنگھ ہوا جس سے گوت تنور ہوئی۔ تنور کی وجہ تسمیہ یہ بتائی جاتی ہے کہ اصل میں یہ لفظ تن ور ہے

کہ وطن اور قوم کی خاطر جان قربان کر دینا جو کہ دلیل شجاعت و بہادری ہے راجپوتوں میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ تنور سنگھ کے دو بیٹے تھے جاٹو اور جتن پال۔ بعض روایتوں میں یہ بھی ملتا ہے کہ جتن پال کی اولاد تنور کہلائی اور جاٹو کی اولاد جاٹو راجپوت کہلائی یاد رہے کہ جاٹو کا ایک لڑکا سچان سنگھ تھا اس کے دو بیٹے تھے ساڈھ اور ہریال۔ ساڈھ کی اولاد ۱۳ گاؤں آباد کئے۔ بھوانی کھرگ' یاملہ' بنیالی' سوآنی' حاجم پور' جمالپور' سوئی' وانگ' سربلا' بوانی کھیڑا' مینگالی' درنود وغیرہ راجہ ہریال کی اولاد نے ۶ گاؤں آباد کئے تلونڈی' گتلہ' کلیری' امرادلے' کاریکھائیں۔ چندر بنسی خاندان کے راجہ مان سنگھ نے چنیوٹ میں ایک قلعہ تعمیر کرایا اور ایک قلعہ راولپنڈی میں راجہ کیرو کے بھائی راجہ پانڈو نے تعمیر کرایا۔ اس لئے اس کا نام راولپنڈی پڑ گیا۔ کیرو اور پانڈو دونوں بھائی چندر بنسی خاندان کہلائے راجہ پانڈو کے پانچ لڑکے تھے۔ ارجن' جودھا' بھیم' جلیسر' یدسر جب کہ کیرو کے ایک سو سے زائد اولاد تھی اسی کیرو کو بعض مورخین نے کورو تحریر کیا ہے۔ راجہ پانڈو اور راجہ کیرو دونوں بھائیوں کے درمیان پانی پت اور تھانیسر کے مقام پر لڑائی ہوئی جس میں راجہ پانڈو کو فتح ہوئی۔ انہوں

نے دہلی آگرہ اور روتالس جس کا موجودہ نام روہتک ہے میں اپنی حکومت قائم کی راجہ بھیم نے بھوانی آباد کی اور راجہ جودھا نے جودھپور آباد کیا جلیسر نے جیسلمیر آباد کیا راجہ ارجن نے گونجی آباد کی۔ راجہ یدسر نے کیلہ گڑھ آباد کیا اور اپنی اپنی حکومتیں قائم کیں۔

کورو پانڈو دشمنی کو ایک شاعر نے یوں منظوم کیا ہے۔

لو مہا بھارت کی ہم تم کو سنائیں داستاں
ہستنا پور میں تھا حاکم چندربنسی خاندان
تھے دھرت راشٹ اور پانڈ اس راج کے حقدار دو
پانڈ چھوٹا تھا مگر گدی ملی تھی پانڈ کو
کیونکہ اندھا تھا بڑا بھائی نہ کر سکتا تھا راج
اور ہو سکتا تھا آنکھوں کا نہ کچھ اس کی علاج
اس کے سو بیٹوں میں اک بیٹا دریودھن تھا بڑا
جو کہ دشمن ہو گیا تھا پانڈ کی اولاد کا
اور اس جانب تھے بیٹے پانچ راجہ پانڈ کے
یہ یدھشٹر۔ ارجن، بھیم اور نکل۔ سدیو تھے
مر گیا جب پانڈو تو لڑکے یہ چھوٹے تھے ابھی

مل نہ سکتی تھی انہیں اس وقت گدی باپ کی
پانڈ کی اولاد کو سب چاہتے تھے خاص عام
اک سبھا کرنے لگی اس واسطے سب انتظام

پوری کتھا لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہندوستان کی تاریخ سے آشنا لوگ اس سے بخوبی آگاہ ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ اقتدار کی خاطر یہ لڑائی لڑی گئی۔ مزید برآن رانا سانگا جو چتوڑ کا بہادر راجپوت سردار تھا وہ بڑا بہادر' جنگجو اور دلیر سپاہی تھا۔ اس نے سینکڑوں معرکے مارے اس کا ایک ہاتھ' ایک آنکھ اور ایک ٹانگ لڑائی میں کٹ گئی اس کے جسم پر تلوار کے اسی ۸۰ نشان تھے۔ سلطان ظہیرالدین بابر کو ہندوستان پر حملہ کرنے کی اسی نے دعوت دی تھی رانا پرتاب رانا سانگا کا پوتا (جس کا نام اودھے سنگھ تھا) کا بیٹا تھا وہ بڑا بردبار بہادر اور جنگجو راجپوت سردار تھا راجپوتوں میں رانا پرتاب ہی وہ واحد راجہ تھا جس نے مسلمانوں سے رشتہ ناطہ نہ کیا۔ ایک شاعر لکھتا ہے۔

اکبر نے سارے ہند کو تسخیر کر لیا
راجوں کے ساتھ رشتہ تدبیر کر لیا
تنگ آ گئے لڑائی سے بے چارے راجپوت

اکبر کا لوہا مان گئے سارے راجپوت
شیر ببر بھی ایک تھا چتوڑ میں مگر
اکبر کے آگے جس نے جھکایا نہ اپنا سر
ہندوستان میں جانتے ہیں اس کو خاص و عام
میواڑ کا یہ رانا تھا پرتاب سنگھ نام
اس کی بہادری کا لبوں پر ترانہ ہے
اس سورما کا نام بھی تک فسانہ ہے
سب راجپوت جھک گئے اکبر کے سامنے
اس کے مطیع ہو گئے۔ رشتے بھی دے دئے
پر اس کو راجپوت کی عزت کا پاس تھا
اور اپنے خاندان کی غیرت کا پاس تھا
اس نے کسی طرح سے اطاعت نہ کی قبول
غیروں سے رشتہ کرنے کی ذلت نہ کی قبول
یہ دور صبح و شام ہے دنیا میں جب تلک
ہندوستاں کا نام ہے دنیا میں جب تلک
اس کی دلاوری کو نہ بھولیں گے اہل ہند

اس کی سپہ گری کو نہ بھولیں گے اہل ہند

رانا پرتاب کا ایلچی جب اکبر بادشاہ کے دربار میں آیا تھا تو اس نے سر سے پگڑی اتار کر اکبر کی تعظیم کے لئے سر جھکایا تھا اکبر بادشاہ نے پوچھا کہ پگڑی کو سر سے اتار کر کیوں سر جھکایا تو رانا پرتاب کے ایلچی نے کہا تھا

آ کے اس دربار میں تعظیم لازم تھی مجھے
اس لئے گردن جھکا دی بادشاہ کے سامنے
ہے میری پگڑی مگر یہ دی ہوئی پرتاب کی
اپنے نوکر پر ہے بخشش کی ہوئی پرتاب کی
میں کسی کے سامنے اس کو جھکا سکتا نہیں
نام پر پرتاب کے دھبہ لگا سکتا نہیں
میرا آقا بھی نہیں جھکتا کسی کے سامنے
اس کی پگڑی کیوں جھکے پھر آدمی کے سامنے

رانا سانگا والئی میواڑ نے مغل بادشاہ بابر سے مقام فتح پور سیکری جس کا نام جنگ کنواہہ ہے مقابلہ کیا۔ پہلے پہل راجپوت فوجوں نے بابری سپاہ کے چھکے چھڑا دیئے اور مغل بھاگنے کو ہی تھے کہ بابر نے بڑی

پر اثر تقریر کی اور قسم کھائی کہ اگر میں جیت گیا تو ساری زندگی شراب نہیں پیوں گا اس تقریر سے بھاگتے ہوئے مغلوں میں جان پڑ گئی اور ایسے جم کر لڑے کہ راجپوت میدان چھوڑ کر بھاگ گئے اور بابر کو فتح نصیب ہوئی۔ رانا سانگا بھاگ گیا اور کم و بیش بارہ سال بعد مر گیا۔ راجپوت کے ذکر میں یہ بات بھی عرض کر دوں کہ ایک نظریہ اگنی کل ہے اکثر مورخین اگنی کل نظریے کو غلط لکھتے ہیں۔ البتہ ماننے کی بات یہ ہے کہ چاروں حضرات سولنگی' پرمار' پریہار. ور چوہان آگ سے گزرے تھے ان چاروں کو آگ نے کچھ نہ کہا اور اثر نہ ہوا۔ اس کا تفصیلی ذکر چوہان کی بحث میں آئے گا۔ ہندوستان میں کم و بیش پانچ سو سے زائد ریاستیں تھیں جہاں راجپوت ہی حکمران تھے۔ ۶۴۸ء میں مہاراجہ ہرش کی پورے ہندوستان پر حکومت تھی راجہ سلمان کا چھوٹا لڑکا راجہ سرسہ چند نے سرسہ رانیاں کی بنیاد رکھی۔ سندھ راجپوتانہ اور جگہ جگہ راجپوت راجاؤں کی حکومت تھی اس کا ذکر تاریخ دیپالپور کے مصنف میاں اللہ دتہ نسیم نے بھی اپنی کتاب میں کیا ہے ذکر راجپوت میں اگر دلا بھٹی کا ذکر نہ کیا جائے تو بے انصافی ہو گی راجہ عبداللہ خاں بھٹی عرف دلا بھٹی کی حکومت دریائے راوی سے دریائے

سندھ تک تھی جرات و بہادری کی داستان اکبر بادشاہ کے ظلم کے خلاف اعلان حق اور بغاوت کی وجہ سے دلا بھٹی کے والد فرید خاں اور داداساندل خاں کو گورنر پنجاب نے تختہ دار پر چڑھایا۔ دلا بھٹی سے اکبری سپاہ کا مقابلہ بھالیکے ہوتی کے مقام پر ہوا۔ دلا بھٹی بہت سورما راجپوت مسلمان راجہ تھا اکبر کے ظلم کے خلاف مقابلہ میں لڑتا ہوا قید ہوا اور بعد میں ۱۵۸۹ء کو لاہور میں پھانسی دی گئی بھٹی راج ۱۳۳۲ء سے ۱۵۸۹ء تک تقریباً" ۲۵۰ سال رہا۔ راجہ عبداللہ خاں بھٹی ولد راجہ فرید خاں ولد راجہ بجلی خاں عرف ساندل خاں

ع خدا رحمت کنند ایں عاشقان پاک طینت را

(مقدمہ پنجاب)

تاریخ ابن بطوطہ میں ہے کہ جب میں علاقہ ابوہریں گیا تو تلونڈی کے اردگرد کا علاقہ ایک ہندو راجہ کی ملکیت تھی جس کے بطن سے فیروز شاہ تغلق پیدا ہوا اس کی شادی کا حال تاریخ فیروز شاہی کے پہلے مقدمہ میں ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تحصیل فاضلکا کے علاقہ میں ابوہر مشہور آدمی تھا جس کے نام سے ابوہر منڈی آباد ہوئی۔ سفرنامہ ابن بطوطہ ہی میں ہے کہ "ابوہر بھٹی ایک آدمی کا نام ہے جس کے نام

ابوہر شہر پڑ گیا۔"

راجپوت کے ذکر میں راجہ ٹوڈر مل اور راجہ بیربل کا نام بھی آتا ہے راجہ ٹوڈر مل پنجاب کا ایک کھتری تھا وہ شیر شاہ سوری کا افسر مال رہا۔ اکبر کے زمانہ میں بندوبست اراضی اور مالگذاری کا وزیر تھا اس کے علاوہ وہ بہت بڑا جرنیل تھا اس نے بنگال اور بہار کو فتح کیا۔ راجہ بیربل کا اصل نام مہیش داس تھا جو ذات کا باہمن تھا۔ وہ بڑا ذہین' ذکی اور ظریف الطبع تھا۔ اپنی ظرافت اور حاضر جوابی کے لئے مشہور تھا۔ مان سنگھ راجہ بھگوان داس کا بیٹا تھا اکبر کا خاص جرنیل تھا۔ وہ عہد اکبر میں کابل' بنگال اور بہار کا صوبہ دار تھا۔

اورنگ زیب عالمگیر راجہ جسونت سنگھ کی وفات کے بعد اس کے نابالغ لڑکوں کو شاہی دربار میں رکھنا چاہتا تھا لیکن راجپوت اس کے حق میں نہ تھے آخر جسونت سنگھ کا بہادر سالار زرگاداس دونوں لڑکوں کو صحیح و سلامت جودھپور لے گیا دوسرے اورنگ زیب نے ہندوؤں پر دوبارہ جزیہ لگایا جس پر راجپوت بھڑک اٹھے اور بغاوت کردی اورنگ زیب نے شہزادہ اکبر کو ان کی سرکوبی کے لئے بھیجا لیکن وہ راجپوتوں سے مل گیا لیکن اورنگ زیب نے بڑی چالاکی سے اکبر کو خط لکھا جس

نے راجپوتوں کو شک میں ڈال دیا کہ اکبر ان سے سازباز کر رہا ہے۔

راجپوت اس سے بدظن ہو گئے اس سے وہ بہت مایوس ہو گیا اور درمیاں سے نکل گیا۔ مغلیہ فوج نے راجپوتوں کے جھتے توڑ ڈالے آخر کار ۱۶۸۱ء میں راجہ اودے پور نے صلح کر لی اور راجہ جسونت سنگھ کے بیٹوں کو جودھپور کا راجہ تسلیم کیا۔ اورنگ زیب نے اپنی پالیسی سے راجپوتوں کو اپنا جانی دشمن بنا لیا اس پالیسی کی وجہ سے راجپوت راجپوتانہ میں سکھ پنجاب میں اور مرہٹے دکن میں بگڑ گئے اور بادشاہ کو بہت تنگ کیا انجام کار ان کی سرگرمیاں سلطنت مغلیہ کے زوال کا سبب بنیں۔

بندہ بیراگی بھی راجپوت تھا۔ پونچھ ریاست کشمیر کا رہنے والا تھا راجہ چیت سنگھ بنارس کا راجپوت راجہ تھا۔ قائداعظم محمد علی جناح لوہانہ راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے تھے جن کا مسکن ساہیوال ہے۔ غرضیکہ بے شمار راجپوت شخصیات ہوئیں۔ جن کا تھوڑا تھوڑا ذکر کرنے کی بھی یہ کتاب متحمل نہیں ہو سکتی۔ تاہم دلا بھٹی کے متعلق مفصل ذکر آگے کیا جائے گا۔

دنیا میں بڑی بڑی بہادر قومیں ہو چکی ہیں مگر راجپوتی شان نرالی

ہے وہ اپنی نظیر آپ ہی ہیں ان کی آن اور شان مٹانے کے لئے زبردست سے زبردست بادشاہوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا مگر راجپوت نے نہ دبنا سیکھا تھا اور نہ ہی دبا۔ راجپوت جانتا ہے کہ وہ آزادی کے لئے پیدا ہوا ہے اور آزادی اس کے لئے ہے۔ راجپوتوں کی بہادری کے قصے عوام میں ہزاروں کی تعداد میں ہیں راجپوتوں نے ہر دور میں قیادت کی اور اپنا لوہا منوایا ہے۔ راجپوت ان بہادروں کی نسل سے ہیں جنہوں نے ہر میدان میں اپنی جرات مردانگی کی داد تحسین وصول کی۔ راجپوت سے اگر کوئی الجھے تو راجپوت برملا کہتا ہے کہ میں راجپوت ہوں ڈرنے جھکنے والا نہیں ہوں۔ راجپوت غضب کا مہمان نواز ہوتا ہے مرجائے مگر صدق نہ جائے یہ فقرہ راجپوت پر فٹ آتا ہے راجپوت عزت کا لوٹنے والا نہیں مگر عزت و ناموس کا رکھوالا ہوتا ہے پہلے دور کا راجپوت اور آج کے دور کے راجپوت میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ لیکن اس مادہ پرستی کے دور میں آج بھی راجپوتوں میں راجپوتی شان موجود ہے۔ کسی نے کیا خوب شعر لکھے۔

جرأت کو جن پہ ناز شجاعت کو فخر ہے
قدموں پہ جن کے. ختم ہے فضا راجپوت ہیں

وہ جن کی ہیبتوں سے دہلتے تھے تخت و تاج
جرأت نے جن پہ ناز کیا راجپوت ہیں
جو جانتے ہیں اپنی زباں سے کہا ہوا
ہر صرف زندگی سے بڑا راجپوت ہے
رانا کس بھی دور کی تاریخ دیکھ لو
کیا پوچھتے ہو مجھ سے کہ کیا راجپوت ہیں

راجہ محمد انور صاحب جنجوعہ اپنی کتاب تاریخ راجپوت جلد اول کے صفحہ نمبر۱۶۔ ۱۶ پر شجاعت و دلیری کے عنوان سے لکھتے ہیں کہ "شجاعت و دلیری ان کا پدری ورثہ تھا یہ مرمٹنے سے نہیں ڈرتے تھے اور دیوانہ وار سر کٹانا فخر تصور کرتے تھے۔ نہتے دشمن پر حملہ کرنا جرم سمجھتے تھے رانا سانگا نے اپنے مدمقابل مظفر شاہ کو اپنا گھوڑا اور تلوار دی تاکہ مظفر شاہ سامان جنگ سے پوری طرح لیس ہو کر زور آزمائی کرے اور اس کے دل میں یہ بات اثر نہ کرے کہ میں نہتا ہوں۔ رانا پرتاب نے اکبر بادشاہ کے دربار میں سر کو نہ جھکایا اور نہ ہی اطاعت قبول کی حالانکہ جب رانا پرتاب کو دربار میں لایا گیا اس کی گزرگاہ کا دروازہ بہت ہی چھوٹا بنایا گیا تھا تاکہ رانا اندر داخل ہوتے سر کو جھکا کر

آئے لیکن دانشمند سردار نے پہلے ٹانگوں کو دروازہ کے اندر سے گزارا اور پھر خود سر کو سیدھا کیا اس طرح کی کئی مثالیں راجپوت اقوام کی عزت و وقار کے متعلق دی جا سکتی ہیں تاریخ نے ہزاروں راجپوت سرداروں کو دیکھا جنھوں نے اپنی جانیں تو قربان کر دیں مگر اپنی آن خاندانی کی سدا حفاظت کی۔"

راجپوت راجے اپنی قدیم آباؤ اجداد کے راوج کے مطابق اپنی بیٹیوں اور بیٹوں کے رشتے کرتے تھے ان میں سوئمبر کا رواج بھی ایسا تھا جس کے ذریعہ راجکماری کو یہ حق حاصل ہوتا تھا کہ وہ اپنے ہونے والے خاوند کے چناؤ میں اس کی بہادری اور دلیری دانش وری کو مد نظر رکھ کر چنے۔ راجہ راجکماری کی رسم سوئمبر سے پہلے اعلان کر دیتا تھا کہ فلاں شرط میں جو شہزادہ یا راجکمار کامیاب ہو گا راجکماری کا حق دار ہو گا اور تمام ہندوستان کے راجے اس رسم سوئمبر میں شامل ہوتے تھے اس رسم کے لئے وقت اور تاریخ مقرر کی جاتی تھی سوئمبر کا یہ طریقہ ایک منتخبہ جوڑے کے لئے نہایت موزوں ثابت ہوتا تھا؟

آیئے ایک شاعر کی زبان سے سنیں

ایک راجہ تھا دروید۔ اس کی لڑکی تھی جواں

اس نے راجاؤں کی جانب کر دیئے قاصد رواں
میری بیٹی کا سوئمبر ہے فلاں تاریخ کو
جس کا جی چاہے وہ شامل آ کے اس محفل میں ہو
آ گئے سب اپنی قسمت آزمانے کے لئے
خوب صورت دروپدی سے بیاہ رچانے کے لئے
اس سوئمبر کا تماشہ دیکھنے کے واسطے
پانچوں پانڈو برہمن کا بھیس کر کے آ گئے
تھا یہ جلسہ شہر کے باہر کھلے میدان میں
سینکڑوں راجے تھے بیٹھے اپنی اپنی شان میں
درمیاں چرخہ تھا اک کھمبے کے اوپر چل رہا
جس کے نیچے تھا بھرا رکھا کڑھاؤ تیل کا
اور اس چکر کے اوپر ایک مچھلی تھی بنی
صاف گردش کے سبب سے جو نظر آتی نہ تھی
آ گیا راجہ دروپد۔ ساتھ اس کے دروپدی
ہو چکیں تیاریاں۔ تو بھاٹ نے آواز دی
کیا سبھا میں ہے کوئی ایسا بہادر بے نظیر

عکس دیکھے اور لگا دے آنکھ میں مچھلی کے تیر؟

فخر اس کو ہو گا حاصل دروپدی سے بیاہ کا
تیل کو جو دیکھ کر۔ مچھلی نشانہ دے بنا
بیسیوں راجے اٹھے بخت آزمائی کے لئے
رہ گئے ناکام لیکن اور الٹے پھر گئے
دیکھ کر یہ حال آخر آ گیا ارجن کو جوش
دور سے کودا سبھا میں اڑ گئے لوگوں کے ہوش
تیر سے آتے ہی مچھلی کو نشانہ کر دیا
تیل پر رکھ نظر حیراں زمانہ کر دیا
دروپدی کا بیاہ آخر ہو گیا ارجن کے ساتھ
بن گیا پانڈوں کا ساتھی دروپد اب تن من کے ساتھ

راجہ محمد انور صاحب لکھتے ہیں "راجگان ہند میں رشتہ ناطہ کا رواج بھی تھا قدیم مذاہب میں ہندو دھرم بدھ دھرم کا رواج دیا جس مذہب کا حکمران بر سر اقتدار آتا وہی ملکی مذہب قرار پاتا تھا دوسرے مذاہب کو کوئی برتری حاصل نہ تھی ہندو اور بدھ مت دو مختلف مذہب تھے۔ ہندو مردہ کو جلاتے تھے اور بدھ مذہب کے پیروکار دفن کیا کرتے

تھے یہ رواج زمانے کے لحاظ سے راجپوتوں نے بھی اختیار کرلیا راجہ کو اپنی رعایا اتنی عزیز تھی کہ ہروقت اس کا خیال رکھتا تھا اور یہ دربار لگایا کرتے تھے اور حسب دستور رعایا کی ہر تکلیف کو سنتے تھے اور اس کا تدارک ہوتا تھا بعض دفعہ راجہ اپنے ملک کی رعایا کے لئے خزانے کا منہ کھول دیا کرتا تھا۔ راجپوت راجے رعایا کو بڑے دان دیتے تھے راجہ بھیس بدل کر رعایا کے احوال کی پرکھ کرتے تھے بعض دفعہ راجے گوشہ نشینی کی حالت میں گدی سے دست بردار ہو کر راجکمار کو گدی سونپ دیتے تھے۔ شرافت و بردباری راجپوت کا پیدائشی حق تھا یہ کسی حالت میں بھی اپنی شرافت کو نہ کھوتے تھے اس ہی وجہ سے ان میں غداری خون ریزی ظالم پن نہ تھا اگر کوئی کسی قبیلہ میں زانی یا قبیح عادت کا مرتکب ہو جاتا تو اسے ملک بدر یا اس ہی طرح کی کوئی اور تکلیف دہ سزا دی جاتی تھی ایک راجپوت دوسرے راجپوت کی بیٹی بہن ماں کو اپنی اصلی بیٹی بہن اور ماں کا حق دیتا تھا اور یہی حق ان کو زنا سے دور رکھتا تھا قاتل کو قتل نہیں بخشا جاتا تھا بلکہ اس کو اپنے کیئے کی سزا ملتی تھی۔ سچائی جانثاری خودداری راجپوت کا شیوہ تھا راجپوتوں نے ملک کی حفاظت کے لئے بڑے بڑے قلعے بنوائے جن کی نشانیاں

ابھی تک باقی ہیں اور ان کے درو دیوار کے آثار ابھی تک راجپوتوں کی شجاعت کی داستانیں کہہ رہے ہیں" (صفحہ نمبر ۱۸)

برصغیر ہندوستان پر جب بیرونی حملہ آوروں نے لشکر کشی کی تو راجپوتوں نے ہمیشہ اپنے خون کا نذرانہ پیش کیا اور مادر وطن کی حفاظت کے لئے ڈھال بن گئے اپنی جنم بھومی کے تقدس کو ہمیشہ اونچا رکھا۔ راجپوت ہمیشہ سے اصول پرست رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تاریخ ہند میں ان کا کردار ہمیشہ نمایاں و منفرد رہا ہے راجپوت قوم ایک باحمیت قوم کے طور پر ابھری اور زندہ رہی تاریخ راجپوت ان کی جواں مردی اور بہادری کے کارناموں سے بھری پڑی ہے۔ یہ بات تو ہم سب اپنے بزرگوں سے سنتے آرہے ہیں اور تاریخ بھی یہی کہتی ہے کہ ہمارا تعلق اس نسل سے ہے جو ہزاروں برس تک غیر منقسم ہندوستان میں ملک و ملت کی آبرو کی ضامن رہی ہے چونکہ ہمارے آباؤ اجداد کا پیشہ ہی روز اول سے سپہ گری رہا اور مملکت کا تحفظ ان کی ذمہ داری تھی اس لئے بیرون ملک سے جب کبھی کسی طالع آزمانے طلب زرومال، آرزوئے جاہ و جلال اور توسیع مملکت کے لئے اس سونے کی چڑیا کی طرف یورش کی تو یہی مارشل قوم مزاحمت

کے لئے سامنے آئی خواہ یہ بیرونی حملہ آور ایرانی تھے یا یونانی۔ تاتاری تھے یا افغانی۔ عربی تھے یا عجمی جو بھی آئے پہلے کشتری بیرونی حملہ آوروں کے دشمن اول ٹھہرے۔ ہر حملہ آور نے انہیں اپنے راستے سے ہٹانے کی کوشش کی اور ان کا نام و نشان تک مٹانے کی بھرپور کوشش کی اس کے باوجود جب بھی یہ بیرونی حملہ آور پوری وادی سندھ میں جس پر آج کا پاکستان مشتمل ہے کہرام مچا کر اور خوب لوٹ مار کر کے واپس لوٹے تو ہندو برہمنیت اور بدھ مت کا عفریت انہی پیشہ ور فوجیوں کی مدد سے ان حملہ آوروں کی جملہ باقیات کو ہڑپ کر گیا اور برصغیر ہند میں اسلام سے پہلے کسی بیرونی نسل کا نام و نشان تک نہ چھوڑا۔ یہ محض اسلام کا اعجاز تھا کہ جب اس کا سبز ہلالی پرچم ارض خاک پر لہرایا گیا تو ہندو برہمنیت اور بدھ مت کی تمام کافرستانیاں اس کے قدموں میں ڈھیر ہو گئیں۔ راجپوت جیالوں نے بھی بسرو چشم اور صدق دل سے خدا کی وحدانیت اور اسلام کی حقانیت کو تسلیم کیا۔ اسلام کو دل کی گہرائیوں سے قبول کیا اور پھر خلوص نیت سے مسلمان حکمرانوں کے محافظ و معاون و مددگار بنے ورنہ تاریخ گواہ ہے کہ ان جیالے دلیر راجپوتوں نے قبل از اسلام کسی بیرونی حملہ آور کو جمنا پار نہ

کرنے دی۔ یقین نہ آئے تو محمود غزنوی محمد غوری سے پوچھ لو کہ کتنی کتنی بار راجپوتوں نے ان دونوں کو دھکے مار مار کر ہندوستان کی سرحدوں سے باہر کیا۔

ہندوستان میں راجپوتوں کی بدقسمتی یہ رہی ہے کہ ان میں اتحاد و اتفاق نہ ہونے کے برابر رہا ہے۔ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ جب ۶۴۹ء میں ہندوستان کے مشہور راجہ ہرش وردھن کا انتقال ہو گیا تو ہندو برہمن اور بدھ مت کی طویل کشمکش کے نتیجہ میں اس کی وسیع و عریض حکومت کا شیرازہ بکھر گیا۔ کشتری النسل پیشہ ور فوجی سردار مرکز سے بیزار ہو کر اپنے اپنے علاقوں میں آزاد اور خود مختار بن گئے۔ ملک چھوٹی بڑی سات سو سے بھی زاید ریاستوں' راجواڑوں میں تقسیم ہو گیا اور ان کے حکمران راجن یا راجہ کہلانے لگے۔ مرکز گریز رجحانات نے انہیں کمزور کر دیا اور بدقسمتی سے یہ کبھی آپس میں متحد و متفق نہ رہے سکے۔

تاریخ کا طالب علم اس بات سے بخوبی آگاہ ہے کہ راجپوت کسی دین و مذہب کا نام نہیں بلکہ یہ ایک مخصوص کردار سے عبارت ہے تاریخ بھی ان راجپوتوں کو صرف ان کے کردار سے پہچانتی ہے۔

راجپوتوں کے آباؤ اجداد کا پیشہ سپہ گری تھا اس لئے جنگجوئی، شجاعت و مردانگی، حق گوئی و بے باکی کی ایفائے عہد اور حب الوطنی جیسے اوصاف حمیدہ ان کی فطرت کا خاصہ بن گئے۔ وہ اپنے فرائض کی ادائیگی میں اپنی جان کی پرواہ بھی نہیں کرتے تھے مگر برہمنوں نے ہندو معاشرے پر اپنی گرفت مضبوط رکھنے کے لئے انہیں ہمیشہ اپنا آلہ کار بنائے رکھا۔

دلا بھٹی

پنجاب کا سورما راجپوت

راجہ دلا بھٹی کے کردار اور اس کے کارناموں پر اگرچہ بہت سے ادیبوں اور شاعروں نے لکھا ہے یہ تحریریں تاریخ پنجاب کی لازوال شخصیت کے ساتھ انصاف نہ کر سکیں۔ غیر مستند واقعات اور حوالوں سے پاک و ہند کا یہ عظیم کردار زندہ تو رہا مگر آہستہ آہستہ اصل واقعات مسخ ہوتے گئے اور بے بنیاد قصے کہانیوں کو عروج ملتا گیا دراصل دلا بھٹی مغربی پنجاب دلے دی بار۔ دریائے راوی سے دریائے سندھ تک کا آزاد اور خود مختار حکمران تھا اس علاقہ میں اس کا اپنا قانون چلتا تھا۔

بھٹی خاندان نے خطہ پنجاب میں مدتوں حکومت کی۔ اس خاندان کی تین نسلوں نے مغل راج، جاگیردارانہ نظام بار کی آزادی اور دین الٰہی کے خلاف تحریک جاری رکھتے ہوئے اپنی جانوں کی قربانی دی اس خطہ میں بھٹی خاندان کا عروج مارچ ۱۵۸۹ء میں پنجاب کی تاریخ عبداللہ بھٹی المعروف دلا بھٹی کی شہادت کے بعد زوال پذیر ہو گئی۔ ضلع گوجرانوالہ کے بھٹی خاندان نے ننکانہ صاحب اور پنڈی بھٹیاں

علاقوں کو آباد کیا اور اپنی عمل داری قائم کی۔ سولھویں صدی ۱۵۵۶ء تک تخت دہلی کے کمزور ہونے کی وجہ سے تمام برصغیر انتشار اور چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں تقسیم تھا۔ اس زمانے میں زراعت زوروں پر نہ تھی بلکہ لوگ اپنی ضرورت کے مطابق اناج پیدا کرتے تھے جنگل اور سرسبز چراگاہوں کی وجہ سے مغل حملہ آور فصلوں اور چراگاہوں کو اجاڑ دیتے۔ آبادیوں میں لوٹ مار کرتے اور جانوروں کے لئے تمام اناج اکٹھا کر کے لے جاتے۔ مدافعت کرنے والوں کو قتل کر دیا جاتا اور آبادیوں کو آگ لگا دی جاتی تھی۔ یہی ایک نکتہ تھا جہاں سے مغلوں اور بھٹیوں کے درمیان نفرت اور دشمنی کا آغاز ہوا۔ چنانچہ بجلی خاں المعروف ساندل نے اپنی آزادی اور علاقے کی بقا کے لئے مغل افواج سے ٹکر لینے کا فیصلہ کیا۔ چھوٹی سی فوج منظم کر کے اس نے مغل افواج کے خلاف چھاپہ مار جنگ شروع کر دی۔

ساندل اور اس کے بیٹے فرید خاں بھٹی کی بہادری اور شجاعت کا ڈنکا تمام برصغیر میں بجنے لگا۔ آس پاس چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے راجوں نے بھٹیوں کی اطاعت قبول کر لی اور بھٹی ریاست کی حدود میں اضافہ ہونے لگا۔ پانی پت کی دوسری لڑائی سے قبل مغل انتہائی

افراتفری کا شکار اور کمزور پوزیشن میں تھے۔

مغلوں نے برصغیر میں سردھڑ کی بازی لگانے کا فیصلہ کر لیا۔ ہمایوں کی بادشاہت کے دوران میں اکبر پنجاب کا گورنر بنا تو اس نے بھٹیوں پر ضرب کاری لگانے کا فیصلہ کر لیا اور تجربہ کار سپاہیوں کی سرکردگی میں اپنی پہلی فوجی مہم مغربی پنجاب ساندل بار روانہ کی۔ مغلوں اور راجپوت بھٹیوں میں گھمسان کا رن پڑا۔ مغلوں کو فتح ہوئی۔ قلعہ فرید۔ موجودہ قلعہ چاہ کو تباہ کر دیا۔ زخمی بھٹی سردار ساندل اور فرید خاں بھٹی کو لاہور میں دربار اکبری میں پیش کیا گیا۔ ان سرداروں نے مغل حکومت کے سامنے سر جھکانے سے انکار کر دیا اور انہیں باغی قرار دے کر تختہ دار پر لٹکا دیا گیا۔ دہشت پھیلانے کے لئے ان کی لاشیں دلی دروازہ کے باہر لٹکا دی گئیں۔ پانی پت کی دوسری جنگ ۱۵۵۶ء میں اکبر کو دشمن کے مقابلہ میں فتح ہوئی۔ اس سے مغلیہ دور کا عروج شروع ہو گیا۔

اکبر دہلی چلا گیا ادھر ساندل بار میں بجلی عرف ساندل کا پوتا فرید خاں بھٹی کا بیٹا راجہ محمد عبداللہ خاں بھٹی عرف دلا بھٹی دین اور وطن کی بے حرمتی مظلوم کسانوں پر ظلم و ستم اور باپ دادا کا مغلوں سے

انتقام لینے کے لئے جوان ہو چکا تھا۔ دلا بھٹی کی بہادری کے چرچے
سارے ہندوستان میں پھیل گئے۔ دلا بھٹی ساندل بار کی سرحدوں کو
وسیع کرتا ہوا دریائے سندھ تک لے گیا اب بھی یہ علاقہ دلے دی بار
کے نام سے منسوب ہے۔

میانوالی مظفر گڑھ روڈ پر دریا خاں کے پاس بجانب مشرق پندرہ
بیس میل کے فاصلہ پر دلا بھٹی کا آباد کیا ہوا علاقہ دلے والا موجود ہے
دریائے سندھ سے پار قبائلی علاقہ سے بھٹی فوج کو اسلحہ اور گولہ بارود
مل جاتا تھا اس وجہ سے اس علاقہ کو بڑی اہمیت تھی۔ ساندل بار کی
سرحدوں میں وسعت اور دلا بھٹی کی بہادری کے چرچے پنجاب سے
دہلی پہنچ گئے۔ مغل افواج اور فوجی رسد کا دہلی سے کابل سے لاہور
پہنچنا مشکل ہو گیا اکبر کو دلا بھٹی مغربی پنجاب میں مغلیہ سلطنت کی شہ
رگ پر بیٹھا نظر آیا تو پرشان ہو گیا۔ دلا بھٹی نے کمال حکمت عملی سے
تخت کو کابل سے کاٹ دیا۔ تو ان علاقوں میں بغاوتیں وشورشیں انتہا کو
پہنچ گئیں۔ اس دوران میں اکبر نے اپنے درباری ملاؤں' سیاسی حاشیہ
شیوں' مشیروں وزیروں سے اور مذہبی کاسہ لیسوں سے مشورہ کر کے
دین الہی کا اعلان کر دیا تو برصغیر کے مختلف شہروں سے غیور مسلمان۔

علماء دین اور مشائخ کی برہمی اور اکبر سے بے زاری کی خبریں آنے لگیں۔

حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی فاروقیؒ کی ہمنوائی میں دین اسلام کے متوالے اکبر کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے۔ شاہی حکم کے مطابق ان علماء اور غیرت مند مسلمانوں کو عبرتناک انجام سے دوچار کیا گیا۔ لاہور کے بہت سے حق پرست علماء ساندل بار میں دلا بھٹی کے پاس پناہ لینے میں کامیاب ہو گئے۔ ان علماء نے دلا بھٹی کو اکبراعظم کے لادینی نظریات سے آگاہ کیا اور اکبر کے مظالم کی داستان سنائی تو اس کا راجپوتی خون کھول اٹھا اور اس نے خون کا آخری قطرہ تک مغل راج کے خلاف جنگ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ بہت سے چھوٹے چھوٹے سردار دلا بھٹی کی قیادت میں اکٹھے ہو گئے۔

بھٹیوں نے مغلوں کے خلاف اعلان جہاد کیا۔ فوجی طاقت بڑھانے کے لئے بھٹی فوج نے مغل افواج پر دن رات چھاپے مارنے شروع کر دیئے۔ دشمن سے چھینا ہوا اسلحہ اور گھوڑے بھٹی فوج کے سپاہیوں میں تقسیم ہونے لگے۔ جب اکبر کو اطلاع ہوئی تو اکبر دہلی سے لاہور آگیا اور متواتر کئی سال بغاوتوں اور شورشوں کو دبانے میں

مصروف رہا۔ اس افراتفری اور لادینیت کے عرصہ میں دلا بھٹی کے ہم عصر دوست بلند پایہ درویش مادھولال حسین نے بڑا اہم کردار ادا کیا۔ مغلوں کی لادینیت اور ظلم و ستم سے نفرت ان دونوں میں قدر مشترک تھی۔

شاہ حسینؒ کے والد شاہی کارخانے میں داروغے تھے۔ آپ دلا بھٹی کو شاہی دربار اور لاہور کے واقعات سے باخبر رکھتے تھے۔ جب اکبر لاہور آگیا تو شاہی امراء نے ایک ہندو لڑکی کی تعریف کی اکبر اس سے شادی کے لئے تیار ہو گیا۔ یہ ہندو لاہور کا بہت بڑا تاجر تھا۔ اکبر نے اس تاجر کو دربار میں بلایا تو اس نے موقع کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے کہا بادشاہ سلامت تھوڑے عرصے کا وقفہ دیں تا کہ میں اپنی خاندانی روایت اور شاہی شان و شوکت کے مطابق شادی کے انتظامات کر سکوں۔ مہلت مل گئی تو یہ ہندو تاجر اپنی بیٹی کے ساتھ ساندل بار میں دلا بھٹی کی پناہ گاہ میں آگیا۔ دلا بھٹی نے اس کو دلاسہ دیا۔ لڑکی نے ہندو رواج کے مطابق دلا بھٹی کے ہاتھ راکھی باندھی۔ دلا بھٹی نے پنجاب کی رسم کے مطابق اس کے سر پر چادر دی اور تلوار کے قبضے میں ہاتھ رکھتے ہوئے کہا کہ خدائے ذوالجلال کی قسم زندگی

کے آخری لمحات تک تمہاری عزت و ناموس کی حفاظت کروں گا۔

دلا بھٹی پنڈی کے قلعہ میں تھا یہ قلعہ فرید خاں بھٹی نے بنوایا تھا۔ مغلوں نے اسے گرا کر زمین کے برابر کر دیا۔ دلا بھٹی کے اپنے مشیروں کے ساتھ صلاح مشورے جاری تھے کہ اس کی ماں لدھی نے اس کو بتایا کہ اس نے خواب دیکھا ہے کہ مغلوں نے اس علاقہ کو نیست و نابود کر دیا اور تمام بھٹی سرداروں کو پھانسی پر چڑھا دیا ہے اس پر دلا بھٹی مسکرا دیا کہ زندگی و موت خدا کے ہاتھ میں ہے لیکن ہم خون کے آخری قطرے تک بے دینوں کے خلاف لڑیں گے۔ اس دوران میں ساندل بار کی شمالی سرحد کی چوکی سے ایک سپاہی نے آکر خبر دی کہ بارہ ہزار مغل فوج کابل سے اسلحہ۔ رسد اور گھوڑے لے کر لاہور جا رہی ہے اس وقت بھٹی سلطنت کے اہم سرحدی مقامات پر گارے کے پچّیس تیس فٹ بلند برج بنے ہوئے تھے جہاں ہر وقت ایک آدمی دشمن فوج کی نقل و حرکت کی نگرانی کے لئے متعین تھا خطرے کی کیفیت میں جنگی نقارے بجا دیئے جاتے جسے سن کر تمام فوج جنگ کے لئے تیار ہو جاتی۔ دلا بھٹی مغل فوجی قافلے کا سنتے ہی اٹھ کھڑا ہوا اور اپنے چند سرداروں کے ہمراہ بیچوں بیچ بار کے شمالی راستے پر پہنچ گیا اور

مغل فوج پر حملہ کر دیا۔ مغل فوج اچانک حملے سے گھبرا گئی اور راہ فرار ڈھونڈنے لگی۔ فوجی قافلے کا انچارج صوبے دار مارا گیا۔ بھٹی نے اس کا سر کاٹ کر مغل فوج کے ایک سپاہی کو دیا کہ یہ سر اکبر کو دے کر کہنا کہ یہ ساندل سے خراج کی پہلی قسط ہے۔ اب ساندل بار کا ایک اور بیٹا جوان ہو چکا تھا اگر باقی قیمت وصول کرنے کی ہمت ہے تو میں اس کا انتظار کروں گا۔

اس جنگ سے بھٹی فوج کو بے شمار گھوڑے' مال غنیمت اور اسلحہ ہاتھ لگا۔ بھٹی نے اپنی فوجی کارروائی تیز کر کے مغل افواج پر حملے جاری رکھے۔ دلا بھٹی طویل القامت سورما راجپوت اور عظیم الجثہ انسان تھا اس کا قد سات فٹ سے کچھ زیادہ تھا۔ جسمانی ساخت اور شکل و صورت ایسی پر جلال تھی کہ کوئی شخص سامنا نہیں کر سکتا تھا اکبر کو لاہور میں اپنی فوج کی تباہی اور دلا بھٹی کی شجاعت کا حال معلوم ہوا تو اس کی آنکھوں میں خون اتر آیا۔ اتنے میں لاہور کے ایک سوداگر نے دربار میں حاضر ہو کر روتے ہوئے بتایا کہ دلا بھٹی نے اس سے پانچ سو اعلیٰ نسل کے وہ گھوڑے چھین لیے ہیں جو میں شاہی فوج کے لئے لا رہا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اب مغلوں کی حکومت صرف قلعہ لاہور

تک محدود رہ گئی ہے۔ اکبر یہ سن کر آگ بگولہ ہو گیا اور اس نے کہا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بار کے بھٹی اپنے باپ دادا کا خوفناک انجام بھول گئے ہیں۔ مگر میں دلا بھٹی کی بہادری کا اعتراف کرتا ہوں کہ جس نے بارہ ہزار کے لشکر کو شکست دی ہے وہ پنجاب کا غیر معمولی بہادر راجپوت انسان ہے ہم اس کو زندہ دیکھنا چاہتے ہیں جو مغل جرنیل دلا بھٹی کو زندہ گرفتار کر کے لائے گا اس کو چھتیس ہزاری کا منصب پیش کیا جائے گا سب دم بخود رہ گئے کہ مرزا نظام الدین نے اعلان کیا کہ وہ دلا بھٹی کو گرفتار کر کے بھٹی فوج کو شکست دے گا۔

اکبر نے کہا اگر وہ اس میں کامیاب ہو گیا تو اسے اعلیٰ شاہی اعزازات سے نوازا جائے گا۔ مرزا نظام الدین ایک بہادر انسان اور شاہی دربار میں اثر ورسوخ کا مالک تھا۔ اب اس فوجی جرنیل کو دلا بھٹی کے خلاف مہم جوئی کا موقعہ ملا۔ اس نے سولہ ہزار سپاہیوں پر مشتمل مغل فوج تیار کی دس توپیں اور پچاس ہاتھی ساتھ لے کر ساندل بار کی طرف چل پڑا۔ ایک دن جب کہ دلا بھٹی اور اس کے اکثر ساتھی سردار پنڈی بھٹیاں سے باہر تھے تو مرزا نظام الدین نے اس موقعہ کو غنیمت جانتے ہوئے ساندل بار میں آگے بڑھ کر حملہ کر دیا۔

جنگی نقارہ بجنے لگا اس وقت دیوان خانے میں دلا بھٹی کی ماں بیوی اور دیگر خواتین تھیں۔ انہوں نے مغل فوج کو آگے بڑھتے ہوئے دیکھا تو دلا بھٹی کی ماں نے اپنے پوتوں نور خاں اور مہر خاں کو لڑنے کے لئے بھیجا انہوں نے اپنے زہریلے تیروں سے مغل فوج کے ایک سو ساٹھ جوان اور ایک صوبہ دار کو قتل کر دیا۔

نور خاں کی عمر چودہ سال تھی وہ پانچوں ہتھیار لگائے میدان جنگ میں اترا تو راجپوت سورماؤں کی یاد تازہ ہو گئی مغل فوج گھبرا گئی مگر جب مرزا کو یقین ہو گیا کہ قلعہ میں صرف عورتیں ہیں تو اس نے سپاہیوں کو حکم دیا کہ ہاتھیوں کی سونڈوں میں بھر بھر کر نشے کی بوتلیں انڈھیلی جائیں جب ہاتھی مست ہو گئے تو انہوں نے قلعے کے دروازوں کو ایسی ٹکریں ماریں کہ دروازے ٹوٹ گئے۔ مغل فوجی اندر داخل ہونے لگے تو راجپوت خواتین نے ڈٹ کر مقابلہ کیا پہلے تو انہوں نے ان پر کھولتا ہوا تیل ڈالا پھر تلواریں سونت کر آگے بڑھیں۔ دلا بھٹی کی بہن بخت النساء ماری گئی۔ یہ خواتین شام تک لڑتی رہیں آخر زخموں سے چور ہو کر گر پڑیں۔ مغل فوج نے ان راجپوت شہزادیوں کو زنجیریں پہنا دیں۔ پنڈی بھٹیاں اور ساندل بار کے علاقہ کا قتل عام

شروع کر دیا ان راجپوت عورتوں کو گرفتار کر کے لاہور لے جارہے تھے تو یہ راستے میں پکارتی جارہی تھی "اے لوگو میرے بیٹے کو بتاؤ کہ مغل اس کی ماں اور بہنوں کو لے جارہے ہیں۔"

دلا بھٹی چنیوٹ میں تھا جب اس کے ایک وفادار ساتھی نے اسے خواتین کی گرفتاری، قلعے کی تباہی اور لوگوں کے قتل عام کی خبر سنا کر کہا کہ تم تو کہتے تھے کہ میں دلی کے کنگرے تباہ کردوں گا پہلے لاہور کے کنگرے تو تباہ کر کے دکھاؤ۔ یہ سنتے ہی دلا بھٹی کا خون کھول اٹھا اس نے مونچھوں کا تاؤ کھول دیا۔ پگڑی کا طرہ نیچا کر دیا اور قسم کھائی کہ جب تک پنجاب کو دشمنوں سے پاک نہ کرلوں تو اس وقت تک پگڑی کا طرہ اونچا نہیں کروں گا۔ دلا بھٹی کے ماموں نے پانچ سو گھڑسوار ساتھ کر دیئے۔ جنگی نقارہ بجا۔ بار کا علاقہ ان نقاروں کے قیامت خیز جنگی شور سے گونج اٹھا۔ ساندل بار کے علاقہ کے جوان کسان مغل راج اور دین الٰہی کے خلاف جذبہ شہادت سے سرشار دلا بھٹی کی فوج میں شامل ہونے لگے۔

مغل فوج جو راجپوت خواتین کو گرفتار کر کے جارہی تھی۔ ابھی راستے میں ایک جگہ پڑاؤ ڈالے ستا رہی تھی کہ بھٹی فوج آن واحد

میں مغل لشکر کے سامنے پہنچ گئی دونوں فوجوں کے درمیان گھمسان کا رن پڑا۔ جنگ کس جگہ ہوئی اس میں اختلاف پایا جاتا ہے بعض مورخین کہتے ہیں خانقاہ کے نزدیک میاں علی شعاری کے مزار کے قریب ہوئی۔ بعض کہتے ہیں بھالیکے چوہڑکانہ کے قریب ہوئی۔ بعض کے نزدیک ٹھیکری الاچتن جو لاہور سے ۷ا میل کے فاصلہ پر ہے اس جنگ میں دلا بھٹی نے مثالی شجاعت کا مظاہرہ کیا۔ راجپوتوں کی بہادرانہ جنگ نے پانسہ پلٹ دیا۔ مرزا نظام الدین فوراً" دلا بھٹی کی ماں لدھی کے قدموں میں گر پڑا اور معافی کا خواستگار ہوا۔ ماں نے اپنے بیٹے سے کہا کہ گرے ہوئے پر وار کرنا راجپوتی شان کے خلاف ہے۔ دلا بھٹی نے ماں کے حکم کے تعمیل میں مرزا نظام الدین کو معاف کر دیا۔

اس جنگ میں دلا بھٹی کے کئی جانثار ساتھی داد شجاعت دیتے ہوئے قربان ہو گئے۔ دلا بھٹی اپنے ساتھیوں سے کہا کرتا تھا کہ فتح و شکست جذبوں کی ہوتی ہے انسانی موت سے نہیں ہوتی۔ فتح کا جشن منانے کے لئے ایک باوقار تقریب منعقد ہوئی جس میں مرزا نظام الدین نے مغل سلطنت کے خلاف دلا بھٹی کا ساتھ دینے کا وعدہ کیا دلا بھٹی سے پگڑی تبدیل کر کے اس کا بھائی بن گیا۔ مرزا دلا بھٹی سے

مخلص نہ تھا بلکہ موقع کی تلاش میں تھا اس کا اکبری فوج سے برابر کا رابطہ تھا۔

ایک دن دلا بھٹی شکار کھیل رہا تھا کہ اچانک اس کو ہزاروں سپاہیوں پر مشتمل مغل فوج نے نرغے میں لے لیا اور دلا بھٹی کو گرفتاری کے لئے کہا گیا مگر اس نے ہتھیار ڈالنے سے انکار کر دیا غلامی کی زندگی پر موت کو ترجیح دی۔ پنجاب کا یہ عظیم فرزند راجپوت سورما بپھرے ہوئے شیر کی طرح مغل فوج پر جھپٹا۔ جدھر کا رخ کرتا میدان جنگ صاف ہو جاتا۔ چونکہ اکبر بادشاہ نے دلا بھٹی کی زندہ گرفتاری کا حکم دیا تھا۔ اس لئے بندوق اور تیر کا استعمال نہ کیا گیا۔ برصغیر پاک وہند کا تلوار بازی اور گتکا کا عظیم الشان مظاہرہ ہوا۔ دلا بھٹی نے اس جنگ کو تنہا جاری رکھا۔

پنجاب کا راجپوت سورما خون میں نہا گیا۔ تلوار ٹوٹ گئی تو نیزے سے جنگ کا آغاز کیا گھوڑی کا پاؤں پھسلا تو سوار سمیت زمین پر آ گری۔ دلا بھٹی بے ہوش ہو گیا تو مغل فوج نے اسے گرفتار کر کے لاہور روانہ کر دیا۔

دلا بھٹی کو ہندوستان کے راجوں مہاراجوں کی موجودگی میں

دربار اکبری میں پیش کیا گیا تاکہ دوسروں کو عبرت ہو۔ دلا بھٹی کو صوبہ لاہور کی گورنری کی پیشکش کی گئی مگر اس نے انکار کر دیا۔ دلا بھٹی کا دربار میں سر جھکانے کے لئے تمام دروازے بند کر دیئے گئے ایک چھوٹی سی تنگ کھڑکی سے گزرنے کا راستہ رکھا گیا مگر اس راجپوت نے کھڑکی سے اپنا سر گزرنے کی بجائے بُست لگا کر پہلے پاؤں داخل کئے بعد میں اپنا سر۔ اکبر اعظم جوش میں آگیا۔ اس نے کہا عبداللہ مجھے سجدہ کرو تو نہ صرف تمہارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے بلکہ مغل دربار میں اعلیٰ منصب بھی عطا کیا جائے گا میں تمہاری بہادری' جوانمردی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں تم اپنی خدمات میرے سپرد کر دو۔ دلا بھٹی نے کہا سرزمین اور دین سے محبت کرنا جرم نہیں ہے۔ یہ اکبر شاہی دین الٰہی میں ضرور جرم ہو گا مگر دین اسلام میں عین عبادت ہے اگر سارے ہندوستان کی دولت مجھے دے دو تب بھی میں تجھے سجدہ نہیں کروں گا۔

دلا بھٹی ایک جسم کا نام نہیں بلکہ یہ تو دین اسلام سے محبت وطن سے پیار اور اپنے ہم وطنوں سے عقیدت کی ایک تحریک ہے اس جواب سے اکبر نے مایوس ہو کر دلا بھٹی کو شاہی قید خانہ میں ڈال دیا

اور تشدد کا حکم دیا۔ مگر دلا بھٹی کے ساتھی بروقت کارروائی کرکے اس کو جیل خانہ سے نکال کر لئے جانے میں کامیاب ہو گئے اور ایک بار پھر ساندل بار کی بھٹی ریاست میں مغل فوج کے خلاف آگ بھڑک اٹھی۔ اس مرتبہ اکبر نے ولی عہد شہزادہ جہانگیر کو دلا بھٹی سے گفت و شنید کے لئے بھیجا۔ شہزادہ جہانگیر بھٹیوں سے نرم رویہ اختیار کرنے کا حامی تھا۔ دلا بھٹی بھی گفت و شنید کے لئے جہانگیر کو بہتر سمجھتا تھا۔ دلا بھٹی نے اس تمام گفتگو میں اصولوں کی سودے بازی کرنے سے انکار کر دیا تو مغل بادشاہ نے سازشوں کا جال بچھا کر اسے گرفتار کر لیا اور اس پر مختلف الزامات لگا کر اس کا مقدمہ قاضی القضا کے حوالہ کر دیا۔ ان الزامات میں راجہ بھٹی کو باغی و سرکش قرار دیا گیا۔ غاصب اور لٹیرا کہا گیا کہ یہ شاہی فوج سے جنگ کر کے سامان لوٹتا رہا شاہی قلعہ سے فرار ہوا۔ بادشاہ کے دین کا مخالف ہے کشمیر کابل اور افغانی قبائل کی بغاوتوں میں حوصلہ افزائی کرتا ہے اس دوران میں اکبر کو کشمیر جانا ہوا تو اس نے سری نگر سے شاہی قاصد کے ذریعے دلا بھٹی کی سزائے موت کا فرمان جار کیا۔ گورنر لاہور نے سرعام پھانسی کی منادی کرا دی۔ صوفی شاعر حضرت مادھولال حسین نے دلا بھٹی سے

آخری ملاقات کی درخواست کی مگر کوتوال شیر علی نے نہ صرف انکار کیا بلکہ بدتمیزی کرتے ہوئے ان کو گرفتار کرلیا مگر بعد میں رہا کر دیا گیا۔ دلا بھٹی کو قید خانہ سے نکلنے کے لئے کہا گیا تو اس نے شدید مدافعت کرتے ہوئے احتجاج کیا یہ آخری احتجاج تھا۔ شاہی نافرمانی پر جیل کی سلاخوں کے اندر اس کو تیروں اور نیزوں سے چھلنی کر دیا گیا اور زخمی حالت میں دلی دروازہ کے سامنے میدان نخاس جہاں آج کل لنڈا بازار ہے سرعام پھانسی دے دی گئی اور اس کے ساتھ ہی ۲۵۷ سالہ بھٹی دور کا بھی خاتمہ ہو گیا۔ ساندل بار کا علاقہ دلے دی بار کے نام سے اب تک مشہور ہے دلا بھٹی کو میانی صاحب کے قبرستان میں دفن کیا گیا۔ خدا رحمت کرے اس راجپوت سورما پر جس کی ساری زندگی جہاد میں گزری آخر میں شہادت نصیب ہوئی۔ زہے قسمت مگر یہ راجپوت سورما نہ دبا نہ جھکا مگر شہادت قبول کی۔

ے ہری ہے شاخ تمنا ابھی جلی تو نہیں
جگر کی آگ دبی ہے مگر بجھی تو نہیں

ے جفا کی تیغ سے گردن وفا شعاروں کی
کٹی ہے بر سر میداں مگر جھکی تو نہیں

اکبر بادشاہ کو دلا بھٹی کی پھانسی کے متعلق آگاہ کیا گیا وہ سرائے عالمگیر میں قیام پذیر تھا دلا بھٹی کے دو بیٹے کمال خاں اور نور خاں شاہی کیمپ میں زیر حراست تھے دلا بھٹی کے بیٹوں کو قتل کرنے کا حکم ہوا مگر بعد میں چھچھے شریف کے ایک بزرگ کی مداخلت پر جان بخشی کر دی گئی مگران کو علاقہ بدر کر دیا گیا اور دوسرے قیدیوں کو پنڈی بھٹیاں آنے کی اجازت دی۔ دلا بھٹی تاریخ راجپوت کا ایک اہم باب تھا۔ اس لئے تفصیلا" ذکر کر دیا گیا"

(مقدمہ پنجاب از محمد حنیف رامے)

راجپوت ریاستیں

راجپوتوں کی ابتدائی مشہور راجدھانیاں

ہندوستان میں راجپوتوں نے صدیوں حکومت کی انہوں نے جہاں بڑے بڑے شہر آباد کئے وہاں اپنی اپنی حکومتوں کے لئے دارالسلطنت بھی صلاحیت اور مقام محفوظ کو چن کر کیا۔ راجپوت چھتیس شاہی خاندانوں میں تقسیم کئے گئے ہیں جنہوں نے اپنی اپنی معروف ریاست قائم کر کے ان کا نظام اور ان کی دیکھ بھال بڑے وقار سے کی۔ ان راجدھانیوں میں بالترتیب زمانہ قدیم سے مندرجہ ذیل مشہور و معروف تھیں۔

ا۔ ریاست دہلی

اس ریاست کا ابتدائی دارالحکومت ہستاپور تھا جسے چندر بنسی راجگان کا مسکن کہا جاتا ہے اور صدیوں چندر بنس راجاؤں نے یہاں حکومت کی اور مختلف ادوار میں چندر بنس راجگان کا یہ مسکن رہا ہے ان میں تنور، جنجوعہ، رائیور اور چوہان راجگان برسراقتدار رہے اور ان کی آخری دور تک یہاں حکمرانی رہی یہ غلط ہے کہ راجہ دہل اور جبل نے دہلی کو بسایا تھا بلکہ دہلی کا معمار راؤ دلیپ چندر بنس راجہ تھا

اس شہر کی راجپوت حکومت آخر کار راجہ پر تھی راج چوہان کے ہاتھ سے نکل کر غوری کے ہاتھ آئی اور اسلامی دور شروع ہوا۔

۲۔ اجمیر

اجمیر کی ابتدا راجہ آجیہ پال یا جے پال نے کی یہ راجگان چوہان کا دار الحکومت رہا اور صدیوں تک یہاں پر راجگان چوہان نے اپنا وقار قائم رکھا بعض ل ے راجہ اجے چوہان کو اس شہر کا آباد کرنے والا لکھا ہے جو کہ مدتوں راجگان چوہان کا مسکن رہا ہے۔ یہاں راجہ ایفل اور راجہ واگرہ جیسے عظیم الشان راجگان آرائے سلطنت رہے۔

۳۔ قنوج

اس کی بنیاد یادو بنسی راجگان نے رکھی تھی جس راجہ کے نام سے یہ شہر مشہور ہوا وہ رائیور خاندان کا راجہ قنج تھا راجہ ہرش وردھن کے زمانہ حکمرانی میں اس شہر کو بڑی حشمت نصیب ہوئی۔ راجہ محمود کے عہد تک جو یہاں حکمران رہے ان میں راجہ ہرومن راجہ ہرش وردودھن۔ اس خاندان کا آخری راجہ بش ورمن تھا۔ (آئین اکبری) قنوج کی راجدھانی مشرق میں پنجاب ٹیکسلا نیز مالوہ تک

تھی۔

۴۔ گوالیار

یہاں خاندان ورمن کی حکومت رہی راجہ ناگ بھٹ ثانی نے بنگال کے راجہ دھرم پال پر حملہ کر کے شکست کھائی یہاں کے مشہور راجے میندر پال۔ مہی پال وغیرہ تھے اس خاندان کا خاتمہ راجہ اندر سوم والئے گجرات نے کیا۔

۵۔ لاہور

یہ ایک قدیم شہر ہے جسے راجہ رام چند کے لڑکے لو نے بسایا تھا۔ قدیم زمانہ سے ہی راجپوتوں کی راجدھانی رہی ہے یہاں کئی راجپوت خاندان حکمران رہے لاہور کئی دفعہ اجڑا اور پھر بسا۔ یہاں پر بھٹی۔ کٹھانہ و دیگر بے شمار راجپوت راجاؤں نے حکمرانی کی۔ یہ شہر اسلامی دور میں راجپوتوں سے ہمیشہ کے لئے محروم ہو گیا۔ آخری راجگان جے پال۔ انند پال۔ نروجن پال وغیرہ تھے۔

۶۔ مالوہ

مالوہ بھی راجپوتوں کی قدیم ریاست ہے۔ جہاں پنوار خاندان کی

حکومت تھی۔ اسے پہلے اجین اور دھارانگری بھی کہا جاتا۔ راجہ مالدیو پنوار خاندان کا معروف حکمران گزرا ہے اس راجہ کی ساتویں پشت سے راجہ منجا تھا جو ایک بہادر جرنیل تھا اس نے چالوکیہ خاندان سے کئی جنگیں لڑیں لیکن اس راجہ کو دکن کے راجہ میتلہ دوئم نے لڑ کر قتل کر دیا اس کے بعد بھوج ثانی پرمار خاندان کی حکومت قائم ہوئی جسے علاؤالدین نے تباہ کیا۔

۷۔ میواڑ

یہاں کے حکمران بڑے بہادر اور شجاع گزرے ہیں جنہوں نے کبھی کسی کے سامنے اپنا سر سرنگوں نہیں کیا۔ یہاں کے مشہور رانا سانگا اور پرتاب ہیں یہ راجپوتوں کی ایک اہم ریاست تھی جن کی بہادری کی داستانیں بے نظیر ہیں۔ تاریخ کے اوراق ان کی بہادری پر فخر کرتے ہیں۔

۸۔ گجرات

گجرات کو گجر خاندان نے آباد کیا تھا۔ تاہم اس پر راجپوتوں کا مدتوں قبضہ رہا۔ اسلام لانے کے بعد بھی یہاں راجپوت مدتوں حکمران

رہے۔ جن میں بہادر شاہ، مظفر شاہ وغیرہ بہادر اور شجاع گزرے ہیں جو کہ مغل بادشاہوں سے برسرپیکار رہے۔

۹۔ بنگال و بہار

اس ریاست کی بنیاد پال خاندان کے راجپوتوں نے رکھی تھی۔ مشہور حکمران مہی پال و دیوپال تھے۔ پال خاندان کا مورث اعلیٰ راجہ گوپال تھا قطب الدین ایبک کے زمانہ میں اس حکومت کا خاتمہ ہوا۔ پال خاندان کے سترہ راجاؤں کے نام ملتے ہیں جنہوں نے ۸۰۰ء سے ۱۱۶۰ء تک حکومت کی یہ بدھ مذہب کے پیروکار تھے۔ پال خاندان کے بعد سین خاندان حکمران ہوا۔ لچھمن سین نے ایک سمت کا آغاز کیا جو ۱۱۱۰ء سے شروع ہوتا ہے۔ اس نے ۸۰ سال حکومت کی اس کا دارالحکومت ندیا تھا۔

۱۰۔ کشمیر

راجہ رام چندر کے لڑکے راجہ کش نے اس کی بنیاد رکھی اس ملک پر شروع میں ستھین ہن اور ترک حملہ آور ہوئے مگر پہلا بڑا خاندان کرکوٹ تھا۔ اس کے تیرہ راجاؤں نے ۲۵۵ برس حکومت کی

مگراس کا سب سے مشہور راجہ للت دتیہ تھا جس کا تبت پر بھی تسلط تھا اس ریاست جنت نظیر پر کئی قبائل پروان چڑھے راجہ ہرش' مہرگل' میردرمن' اونتی درمن' دیاکرن' پورن کرن جیسے ذی القدر راجگان نے یہاں قدم رکھا۔ پانڈو کی اولاد نے بھی یہاں قدم جمائے کئی خودمختار راجے مختف قبائل کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے حکمران رہے۔ جن میں جرال' منہاس' جنجوعہ' ڈوگرہ جموال وغیرہ نے بے شمار راجگان پیدا کئے جن کی تاریخ بہت وسیع ہے۔

۱۱۔ جموں

یہ ریاست بھی کشمیر سے ملحقہ ہے اس میں بھی کشمیر کی مختلف اقوام نے قدم رکھے۔ ابتدائی دور جموال راجپوتوں کا ہے جو کہ راجہ کش کی اولاد مانے جاتے ہیں قدیم ریاستوں میں اس کا ذکر آتا ہے جسے راج ترنگنی میں درج کیا گیا ہے۔ یہ جموال راجپوتوں کی راجدھانی رہی جس کی تاریخ پانچ ہزار سال بتائی جاتی ہے۔

۱۲۔ نیپال

یہ قدیم ریاست جو کہ تقسیم تک قائم رہی راجپوتوں کی پہاڑی

ریاست تھی جس کی ابتدائی بنیاد راجہ پال نے رکھی تھی اس ریات کا دارالحکومت کھٹمنڈو تھا۔

۱۳۔ گندارا

اس ریاست کا علاقہ جہلم اور دریائے کابل تک کا علاقہ تھا اس پر کئی حملہ آوروں نے حملے کیے۔ آریہ نسل کا اولین راجہ بھرت تھا جس نے بھرت درشن کے نام سے اسے موسوم کیا۔ یہاں تنور، جنجوعہ و دیگر اقوام نے مختلف ایام میں اپنا تسلط جمائے رکھا۔ اس ریاست کی تاریخ بدلتی رہی بڑے بڑے نامور لوگوں نے یہاں قدم جمائے۔

۱۴۔ بڈھیل گھنڈ

چندیل راجپوتوں کا مسکن رہا ہے یہ ریاست پہلے قنوج کے ماتحت تھی لیکن بعد میں چندیل راجپوت اس پر قابض ہو گئے راجہ جنگ اس کا اولین بانی ہے۔ اس کے راجہ گھنڈا نے محمود سے ٹکر لی تھی اس خاندان کا آخری راجہ برمل تھا جس کو پرتھی راج چوہان نے شکست دی تھی۔ درگابتی دیوی یہاں ہی کی رانی تھی۔

۱۵۔ ڈوگرہ ویلیس

اسے چھیل مالسرور۔ جھیل سروٹین کے درمیان کا علاقہ مانا جاتا ہے۔ راجہ وشن جی نے راجہ بھرت کے زمانہ میں یہاں حکومت اختیار کی۔ محققین کا خیال ہے کہ ڈوگرہ دو مرکب الفاظ سے نکلا ہے ڈو۔ گرہ۔ یعنی دو گھڑوں کی جگہ جسے جھیل مالسرور۔ جھیل سروٹین کا درمیانہ علاقہ ہے اس سے ڈوگرہ مشہور ہوئے۔

۱۶۔ آندھراویش

یہ ریاست دکن میں مسیح سے ایک سو سال پہلے راجہ ممکد نے قائم کی۔ یہ ریاست کرشنا اور گوداوری دریا کے درمیان تھی اسے پہلے ممکن بعد میں دکن کے نام سے مشہور ہوئی۔ اس ریاست میں کئی شہر آباد ہوئے جن میں ایک کا نام ٹھان تھا اس راج کا شنکر راجہ تھا جو کہ مشہور ہوا۔ اس نے مگدھ کے راجہ کو شکست دی اندھرا خاندان قریبا ساڑھے چار سو سال تک حکومت کرتا رہا۔ اس کے چوبیس راجہ گزرے ہیں جو کہ ۲۳۰ء تک سلطنت کرتے رہے ان کی زیادہ رغبت بدھ مذہب کیطرف تھی۔ دارالحکومت امراوتی تھا اس خاندان کے کئی سکے ان دنوں برآمد ہوئے ہیں۔

۱۷۔ ریاست میسور

ریاست میسور پر متعدد راجپوت حکمران رہے ان میں خاندان گنگ زیادہ مشہور ہے۔ زیادہ تر جین مت کے پیرو تھے۔

۱۸۔ پلوو اخاندان

اس خاندان کا مورث اعلیٰ راجہ پلو تھا۔ اس کی حکومت جنوبی ہندوستان میں تھی۔ اس ریاست پر مختلف خاندانوں نے حکومت کی جن میں خاندان سیاون' دکڑمیا' مباولی' گنگا' راکشتہ' چیرا' چولا' چلوکیہ' پانڈیا وغیرہ مشہور ہیں۔

۱۹۔ چالوکیہ

یہ اگنی کل راجپوتوں کی اولاد میں سے تھا یہ لوگ برہمن مذہب کے پیرو اور وشنو کی پرستش کرتے تھے مگر بدھ اور جین مذہب کو آزادی تھی وشنو اور شوا اور دیگر دیوتاؤں کے کئی مندر بن گئے تھے جن کے اکثر کھنڈرات آج تک پائے جاتے ہیں۔ تمام دکن زیر حکومت تھا۔ ہیون سانگ چینی سیاح نے ان کے طرز حکومت کی بہت تعریف کی ہے۔ پلک سین ثانی کے عہد میں ہندوستان اور فارس کا سیاسی تعلق تھا ایران میں ہندوستان کا سفیر رہتا تھا۔ اس خاندان کی

بڑی شاخ تو چھٹی اور آٹھواں صدی میں ختم ہو گئی مگر دوسری شاخ بارہویں صدی کے آخر تک چلتی رہی۔ راجہ پلک سین نے کئی ریاستوں کو مطیع کر کے ان سے خراج وصول کیا۔ راجہ ہرش دروھن نے اس پر حملہ کیا تھا لیکن شکست کھائی۔ ۷۵۷ء میں قبیلہ داشٹر کونٹ نے اس خاندان کو بے دخل کیا۔

۲۰۔ یادو سٹیٹ

اس کا بانی یادو تھا۔ دیوگری کو دارالحکومت بنایا۔ زمانہ شجاعت میں ان کی ایک شاخ تو مغرب کی طرف دوارکا میں جابسی۔ دوسری کچھ عرصہ بعد دکن میں جا کر بسی۔ تیسری شاخ میسور تک جا پہنچی۔ کئی راجے جین مت کے اور کئی راجے ہندو دھرم کے حامی تھے۔ یہ خاندان مدتوں حکمران رہا۔ آخر علاؤ ادلین کے مشہور جرنیل ملک کافور نے ۱۳۰۷ء میں چڑھائی کر کے شکست دی۔

۲۱۔ پانڈیا سٹیٹ

یہ بہت بڑی ریاست تھی جس کی وسعت ٹراونکور تک تھی۔ راجہ اول جینی تھے مگر قریباً" گیارہویں صدی میں جب یہ چولا خاندان

کے مطیع ہو گئے تو انہوں نے برہمنی مذہب اختیار کر لیا۔ یہ خاندان ۹۹۴ء تک خود مختار رہا۔

۲۲۔ چیرا سٹیٹ

اس خاندان کی ریاست ساحل مالابار کے علاقہ میں تھی یہ پہاڑی اور ناہموار علاقہ تھا۔ جسے بعض مورخ کرالا بھی کہتے ہیں۔ دارالحکومت کازور تھا۔ عرب کو موتی اور دیگر سامان تجارت بھیجا جاتا تھا۔ بعد ازاں یہ خاندان چولا خاندان کے ماتحت ہوا تو ان کی ریاست ختم ہو گئی۔

راجپوتوں میں اسلام

برصغیر پاک وہند میں سب سے پہلے مسلمان ہونے والے خوش قسمت راجپوت راجہ کا نام بھوج تھا۔ والئی ریاست بھوج پور جس کا اسلامی نام شیخ عبداللہ رکھا گیا۔ اس کے بعد راجپوتوں میں اسلام کی رغبت بڑھ گئی چونکہ راجپوت فن سپہ گری کا شاہ سوار اس لئے شجاعت، دلیری، بہادری وعدہ ایفائی آن پہ جان وار دینا۔ میدان کا پکا۔ یہ اوصاف راجپوت کا طرہ امتیاز ہیں یہی اوصاف ان کو دوسری قوموں سے ممتاز کرتے ہیں۔ اصل واقع یوں ہے بھوج پور کے راجہ بھوج

نے اسلام قبول کیا۔ راجہ بھوج ایک بہت بڑے معروف حکمران تھے جو پلیہ کے باشندے تھے جسے عام لوگ بھوج پور بھی کہتے ہیں وہاں ایک عمارت رسد گاہ کے نام سے مشہور ہے۔ مگر جنتر منتر اس کا عرف عام ہے۔ بہت پرانی عمارت ہے۔ فلکیات' زائچے اور نجوم کے حسابات اس پر نقش ہیں لوگ کہتے ہیں کہ اسی جگہ راجہ بھوج کے شاہی محلات تھے۔ دور نبوی صلی اللہ علیہ وسل میں راجہ بھوج شق القمر کے معجزہ سے متاثر ہو کر مسلمان ہو گیا تھا۔ ایمان کی وجہ سے ان کے گھر والے اور دیگر لوگ مخالف ہو گئے۔ وہ ترک وطن کر کے دھاڑو گجرات چلا گیا اور باقی زندگی درویشی میں گزاری ان کا شمار بزرگوں میں ہونے لگا ان ہی تصدیق کنندوں میں سے ایک بزرگ حاجی بابا رتن تھے جن کا تعلق سرو ہد خاندان سے تھا اور بابا رتن حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر ایمان لائے اور نبی رحمت علیہ السلام نے خود اپنے دست مبارک سے ان کو چھ کھجوریں کھلائیں اور ان کے لئے طویل العمر ہونے کی دعا فرمائی اور ایک اپنا پیراہن مبارک بھی عنایت فرمایا۔ چنانچہ اس دعا کا نتیجہ یہ ہوا کہ حضرت حاجی بابا رتنؒ نے ۶۳۲ سال کی عمر پائی۔ آپ کا سابقہ نام

راجہ رتن سنگھ تھا بعد از اسلام حاجی رتن کے نام سے مشہور ہوئے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ گوگا چوہان المعروف سانپوں والا پیر نے حضرت بابا حاجی رتن ؒ کے خلیفہ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ آپ کا مزار بٹھنڈا اسٹیشن کے قریب ریاست پٹیالہ میں زیارت گاہ خاص و عام ہے (کتاب جمال رسول صفحہ ۸۲) بابا رتن سے مروی روایات کا نام رتنیات ہے۔

چھتیس اقوام شاہی

۱۔ اکشواکو

۲۔ سورج

۳۔ سوم عرف چندر

۴۔ جدو

۵۔ چوہان

۶۔ پنوار

۷۔ چلوک یا سلنکی

۸۔ پرہار

۹۔ چاورا

۱۰۔ دودیا

۱۱۔ راٹھور

۱۲۔ گوہیل

۱۳۔ والی

۱۴۔ ماکوناین

۱۵۔ انورکا

۱۶۔ اسوریہ

۱۷۔ سلار عرف سیدو

۱۸۔ سندھ

۱۹۔ سنی پت

۲۰۔ ہن

۲۱۔ کرجل

۲۲۔ ہریر

۲۳۔ راجپال

۲۴۔ دھندپال

۲۵۔ اگنی پال

۲۶۔ بالا

۲۷۔ جھالا

۲۸۔ بھاگرول

۲۹۔ موندن

۳۰۔ مدہور

۳۱۔ کوگھیر

۳۲۔ کرجیو

۳۳۔ چاولہ

۳۴۔ کوکرا

۳۵۔ سکمپ

۳۶۔ سلال

(از ناڈ راجستھان)

اے راجپوت اب جاگ بھی جا

اے راجپوت اب سمجھ بھی جا ورنہ پھر پچھتاوے گا
موقع جا گا نکل وقت ہاتھ نہ آوے گا

تم راج تاج کے مالک تمہاری جنگجو قوم کہلوائی
غیرت مند تم بہادر تھے تمہاری دنیا کرے بڑائی

قول کا پکا غریب کا ساتھ یہ صفت تیرے میں پائی
آن کے پیچھے مرا کرے تھا تیری تاریخ دے گواہی

ٹاڈ راجستھان اٹھا کے دیکھ ذکر تیرا ہو پاوے گا
اے راجپوت اب سمجھ بھی جا ورنہ پھر پچھتاوے گا

چھتیس شاہی اقوام میں ذکر تیرا ہو آیا
چھتر داری اور چھتری اقاب تیرا یو پایا

دھرم کی بیٹی بہن بنا تنے پورا پرن نبھایا
پیارا بن کے یاراں سیکڑے دغا نہ کمایا

گھٹیا بھونڈے کاماں سے راجپوت شرماویکا
اے راجپوت اب سمجھ بھی جا ورنہ پھر پچھتاوے گا

بڑے بڑے درباروں میں تنے پان کا بیڑہ اٹھایا

راجپوت کے سوا نہ کوئی سامنے تیرے آیا
چاہے جتنا مشکل کام ہویا وائے کر دکھایا
شیراں گیلے کری کشتی نہ کدے گھبرایا
شیراں گیلے کشتی کر کے ایب گیڈروں سے گھبرا ویکا
اے راجپوت ایب سمجھ بھی جا ورنہ پھر پچھتاوے گا

پرے کی پکی سچی راجپوتاں کی ناری
پردے میں سب رہا کریں تھیں پردے دار تھیں ساری
پوری زندگی گذاریں تھیں اندر چار دیواری
بنا مرد کے نہ چالے تھی اکیلی اسواری
پردے میں رہنے والی کو ایب اکیلی بازار گھماوے گا
اے راجپوت ایب سمجھ بھی جا ورنہ پھر پچھتاوے گا

راجپوت کی بیٹی بساوے تھی ایک جگہ گھربار
جیسا پنی پلے لاگا لے تھی وقت گزار
اپنے خاندان کی عزت کا کرے تھی سوچ بچار
دے دی بابل ڈھیکری تو ڈھیکرہ پروار
غیر قوم میں شادی کر کے قوم کو بٹہ لاوے گا

اے راجپوت ایب سمجھ بھی جا ورنہ پھر پچھتاوے گا

سینکڑوں غوث' قطب ولی ہوئے تیرے ہیں
بڑے بڑے جودھے' بہادری مہابلی تیرے ہیں
بڑے بڑے مورچے فتح لے لی فوجیں گھیرے میں
انگریز تلک بھی مان گئے ہیں اب بھی رہا اندھیرے میں

حاجی جمیشد راجپوتوں کو اپنا پیغام پہنچاوے گا
اے راجپوت ایب سمجھ بھی جا ورنہ پھر پچھتاوے گا

(از قلم حاجی راؤ جمیشد علی جمیشدی گرو چک)

راجپوت قوم میں بے شمار ادیب و شعراء ہوئے ہیں ہر ایک کا ذکر باعث طوالت ہے جس کی وجہ سے نظرانداز کیا جا رہا ہے تاہم محمد دین عابد پنوار راجپوت جو منچن آباد شہر کے رہائشی ہیں خوش اخلاق و ملنسار اور شاعر ہیں۔ آئل ڈیلر ہیں۔ سماجی کارکن اور سیاسی ورکر ہیں۔ خوف طوالت کی بنا پر ان کا کلام پیش نہیں کیا جا رہا۔

دوسرا باب

۱۔ چوہان

۲۔ معروف چوہان راجگان

۳۔ راجہ پرتھوی راج چوہان

۴۔ سنجوگتا سوئمبر

۵۔ گوگا چوہان

۶۔ چوہانوں میں اسلام

۷۔ بھانیکا چوہان

۸۔ چوہانوں کی عظمت کے دلائل

۹۔ چوہانوں کی معروف گوتیں

چوہان

چوہان راجپوتوں کا ایک معروف قبیلہ ہے۔ برصغیر پاک و ہند کی تاریخ میں چوہانوں کا اپنا مقام ہے۔ چوہان کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ لفظ چوہان کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اصل میں چوہامہ یا چاہمان تھا بعد میں تبدیل ہو کر چوہان بنا۔ چوہامہ کے متعلق معروف ہے چار بازوؤں والا۔ یعنی چوہان کے چار بازو تھے۔ یہاں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اسے بہادری اور شجاعت کی بنا پر چار بازوؤں والا کہا جاتا تھا۔ چھتیس اقوام شاہی میں چوہان قبیلے کا ذکر موجود ہے۔

راجہ محمد انور جنجوعہ اپنی کتاب "تاریخ راجپوت" کے صفحہ نمبر ے پر بعنوان "دیرینہ مسئلے دیرینہ روایات" لکھتے ہیں کہ

"روایات قدیمہ اور ہندو دھرم کی قدیم کتابیں اس مسئلہ کی قائل ہیں کہ جب راکشوں اور ڈاکوؤں سے تنگ آکر برہمن عبادت کرنے سے بیزار ہو گئے تو انہوں نے سابقہ راجپوتوں کی نگرانی سے دستبرداری شروع کی اور ایک بددعا کے لئے ایسا قدم اٹھایا جس کے سوا ان کا رعب و دبدبہ جو کہ ان کا ہندو دھرم پر چھایا ہوا تھا قائم نہ رہ سکا تھا۔ انہوں نے تمام ہند میں ڈھنڈورا پٹوایا کہ ہم ایک آگ کا ایسا جلاؤ

کرنے کے لئے تیار ہیں۔ جس جلاؤ کے دیوتا ایسے مرد آہن ہوں گے جو کہ راکشوں کے لئے موجب بربادی ثابت ہوں گے اس کے بعد برہمنوں کی حکومت ہو گی جس کے سردار وہی مرد آہن ہوں گے۔ ہندوستان کے کونے کونے میں یہ آواز پہنچ گئی اور ایک جنگل میں اس تقریب کا افتتاح کیا گیا۔ راکش اور لیڈرے اس آگ کے جلاؤ کی انتظار میں تھے آگ کے اس عظیم جلاؤ کے لئے ایک کثیر تعداد لکڑیوں کو اکٹھا کیا گیا تھا۔ برہمنوں نے یہ چال چلی کہ تین مرد مختلف اقوام راجپوت سے چن کر اس آگ کے پیچھے چھپا دئے گئے تھے جو کہ دیکھنے والوں کے لئے یہ حقیقت ہو جاتی تھی کہ یہ لوگ واقعی سچ مچ آگ سے باہر آئے ہیں اور آگ کی مخلوقات ہیں جو کہ ان برہمنوں کی دعا کا نتیجہ ہیں آگ جل اٹھی اور اس کی روشنی دور دراز میدانوں تک پھیل گئی۔ برہمن اپنی دعاؤں میں مشغول رہے۔ اتنے میں ایک ہولناک آواز پیدا ہوئی اور نعرے لگاتا ہوا دستہ شمشیر پر ہاتھ رکھے ہوئے ایک ہیبت ناک انسان نمودار ہوا۔ اس نے نکلتے ہی ایک غوغا و شور مچایا اور اپنے رعب و دبدبے سے منتظر مخلوقات کو ڈرانا شروع کیا اس نے کہا کہ میں راکشوں سے نامرد آزما ہوں گا۔ میرے سامنے کسی جگہ بھی آپ لیڑے نہ پائیں

گے اس کا رعب و جلال واقعی مردانہ تھا مگر راکش اس کے جلال سے مرعوب نہیں ہوئے اس نے راکشوں کی صفوں کا مقابلہ کیا مگر ایک چال بھی کارگر نہ ہو سکی اس کے بعد برہمن پرستار دعائیں کرتے رہے اور تھوڑے وقفہ کے بعد ایک نوجوان دوسرا نمودار ہوا۔ اس کا رعب و جلال پہلے سے برتر تھا اور اپنے کمالات کو دکھاتا ہوا شمشیرو گرز کو ہوا میں لہراتا ہوا آگے بڑھا۔ مگر اس کی بھی کوئی چال راکشوں کو مرعوب نہ کر سکی اور برہمن بڑے نادم ہوئے اور آگ کے جلاؤ کو اور تیز کیا ان کی تیسری دعا پر تیسرا نوجوان ظاہر ہوا جس کے کمالات سے برہمنوں کی امیدوں کے چراغ جل اٹھے۔ اس ہیبت ناک اور جوشیلے جوان نے ایک انوکھی چال چلی جس کے مظاہرے سے راکش اور لیٹرے میدان کو چھوڑ کر بھاگ گئے لیکن بہت جلد راکشوں نے اپنے قدم جمائے اور فورا" ہی جلاؤ کے ایک طرف سے برہمنوں پر تیروں کے وار شروع کر دئے اسی اثنا میں چوتھا نوجوان ایک تیزی کے ساتھ آگے بڑھا جس نے راکشوں کو تہ تیغ کرنا شروع کیا جس کی وجہ سے میدان لیٹروں سے خالی ہو گیا اس کے بعد برہمنوں کی تحسین کی آوازیں بلند ہونے لگیں اور راکش اپنے مکروہانہ چالوں سے باز آنے

پر مجبور ہو گئے یہ چوتھا نوجوان چوہان تھا۔ جو کہ روایات سابقہ کے مطابق چاروں کی آن و غیرت ناموس و عزت کا ضامن ہو کر آیا تھا یہ کوئی آگ کی مخلوق نہ تھی جو کہ آگ سے پیدا ہوئی ہو بلکہ اس وقت کے راجپوتوں کی ہی اولاد تھی جو کہ برہمنوں کی مشکل حل کرنے میں کامیاب ہوئی ان اسباب کی بنا پر برہمنوں نے ان چاروں راجپوتوں کا نام اگنی کل راجپوت رکھا۔

اسلام بلکہ دیگر مذاہب بھی اس مسئلہ کے قائل نہیں ہیں بلکہ انسان کی اصل خاکی ہے جو کہ مٹی سے پیدا ہوا ہے اور جنات آگ کی مخلوق ہیں اور فرشتے نورانی کہلائے یہ ڈھونگ صرف برہمنوں نے راکشوں سے نجات پانے کے لئے رچایا تھا ورنہ آگ اور خاک میں کافی فرق ہے آگ انسان کے لئے موجب بھسم ہے اور جنات پر اس کا اثر نہیں آگ سے نسبت عقل تسلیم نہیں کرتی اور نہ ہی ہم اسے مذہبی رو سے تسلیم کریں گے یہ چاروں راجپوت جنہوں نے برہمنوں کو راکشوں سے نجات دلائی تھی ان ناموں سے مشہور ہوئے سلنگی۔ پرمار۔ پنوار اور چوہان ہیں جن کو لوگوں نے برہمنوں کا نجات دہندہ قرار دیا اور ان چاروں راجپوتوں کو اگنی کل کا خطاب دیا ورنہ یہ

چاروں دوسرے راجپوت قبائل سے علیحدہ نہیں ہیں بلکہ سورج بنسی اور چندر بنسی راجپوتوں سے تعلق رکھتے ہیں۔"

پہلی صدی ہجری میں جس چوہان راجہ کا ذکر آتا ہے وہ راجہ مانک رائے چوہان ہے جس کی سترویں پشت کے بعد راجہ پرتھوی راج چوہان پیدا ہوا جو اپنے وقت کا عظیم راجہ تھا جس نے ۴۹ سال حکومت کی راجہ مانک رائے کے متعلق راجہ محمد انور صاحب لکھتے ہیں۔

"یہ مشہور و معروف بہادر چوہان راجہ تھا یہ اس وقت سندھ کے کناروں پر اپنی فوجوں کو للکارتا ہوا پہنچا جب راجہ داہر والئے سندھ اور ملتان نے بہ واسطہ مذہب و برہمن کی پکار سے ہندراجگان کو دعوت جنگ دی گئی تھی دیگر راجگان ہند کے ہمراہ یہ بھی آگ بگولے کی طرح سندھ آیا اور مجاہدین اسلام کے آگے سینہ سپر ہو گیا اور بے انتہا خون ریز جنگ میں اپنے جنگی کرتب دکھانے کے علاوہ بڑی بہادری اور بے جگری سے مجاہدین اسلام کا مقابلہ کیا جس دلیرانہ انداز سے اس نے جنگ کا نقشہ تبدیل کیا تھا محمد بن قاسم جیسے مجاہدین اسلام نے اس کی داد دی اور بے ساختہ کہہ اٹھا کہ قوم و مذہب اور ملک پر نثار ہونے والے انسانوں میں رائے مانک چوہان ایک ہے اس نے اپنی

جان میدان کارزار میں دی مگر اپنا قدم نہ پھیرا یہ پہلی صدی ہجری کا واقعہ ہے یہ مشہور جرنیل چوہانوں کا قابل قدر اور تاریخی اعتبار سے ایک عظیم سپوت تھا۔"

راؤ مظفر حسین اپنی کتاب "تاریخ راجپوت وادی سندھ" میں تحریر کرتے ہیں کہ "چوہان راجپوت قوم کی چوبیس شاخیں ہوئیں جن میں سے ہروتی یعنی خاندان کوٹہ بوندی راجپوتانہ کی شاخیں بہت مشہور ہیں انہوں نے اپنی موروثی شجاعت و لیاقت کو بہت ہی عمدگی سے قائم رکھا جس وقت اورنگ زیب اپنے باپ شاہجہان سے باغی ہوا تھا اس وقت اس خاندان کے چھ بھائی جان توڑ کر شاہجہاں کی طرف سے میدان جنگ میں برسرمقابلہ تھے۔ جب چوہان راجپوتوں کی طاقت ٹوٹی اس وقت اس کے مختلف سرداروں نے اپنا مذہب چھوڑ کر مذہب اسلام اختیار کر لیا۔ اس وقت پندرہ چھوٹے بڑے سرداروں نے اپنا، ترک مذہب کر کے دین اسلام اختیار کر لیا تھا پرتھوی راج کا بھتیجا ایشرداس پہلا شخص تھا جس نے دین اسلام اختیار کیا تھا۔ چوہان راجپوتوں کی چوبیس شاخیں یہ ہیں۔

(۱) چوہان

(۲)شیخانی

(۳)سور

()۴)ہر

(۵)سونی گرا

(٦) کیچی

(۷)دیورا

(۸)پبیا

(۹)ملانی یا ملدی یا ملانہ.

(۱۰)بھدریہ

(۱۱)گوٹاوال

(۱۲)نربھان

(۱۳)یوربیہ

(۱۴)مدریچہ

(۱۵)سنکریچہ

(۱٦)بھوریچہ

(۱۷)بالیچہ

(۱۸)یسرہ

(۱۹)اوسیہ

(۲۰)چندو

(۲۱) سنکمب

(۲۲)بہادرا

(۲۳)بنکٹ

(۲۴) کیچرہ

(صفحہ ۸۰)

راجہ پرتھی راج کی اولاد میں راجہ گنگ ہوا جس کی اولاد میں میاں چند ہوا جس کا فرزند چوٹیہ ہوا۔ جس سے خاندان چوٹیہ شروع ہوا۔ مولوی نور محمد نے اپنی قلمی کتاب میں اس کا ذکر کیا ہے۔ راجہ محمد

انور صاحب لکھتے ہیں کہ وسط ہند سے چوہان خاندان کا ایک آدمی پنجاب میں وارد ہوا جس کا نام گنگ تھا۔ جو ٹیہ کی تفصیل اگلے باب میں آئے گی۔ ہندوستان میں بہت بڑی تعداد میں چوہان راجے گذرے ہیں۔

۱۔ راجہ جگدیو	۱۰ سال
۲۔ راجہ ہردیو	۱۰ سال
۳۔ راجہ سری دیو	۱۵ سال
۴۔ راجہ بھل دیو	۱۰ سال
۵۔ راجہ بھکرت دیو	۱۱ سال
۶۔ راجہ بیلدیو	۶ سال
۷۔ راجہ کھرپال	۲۰ سال
۸۔ راجہ جاہر	۴ سال
۹۔ راجہ جگ ناتھ	۱۰ سال
۱۰۔ راجہ باسدیو	۱۶ سال
۱۱۔ راجہ دھرم دیو	۱۴ سال
۱۲۔ راجہ تانگ دیو	۱۰ سال

۱۳۔ راجہ مالدیو	۹ سال	
۱۴۔ راجہ مرگنگھو	۵ سال	
۱۵۔ راجہ مرمیر	۷ سال	
۱۶۔ راجہ چندن	۱۰ سال	۹۱۵ء
۱۷۔ راجہ انیل	۳۰ سال	۱۰۳۲ء تا ۱۰۶۶ء
۱۸۔ راجہ پرتھی راج	۴۹ سال	
۲۰۔ راجہ مانک رائے		
۲۱۔ راجہ سہنا	۴۰ سال	
۲۲۔ راجہ وگرا برادر		
۲۳۔ راجہ سومیرا		
۲۴۔ راجہ جے مل		
۲۵۔ راجہ مانک		
۲۶۔ راجہ پد راج یسر پرتھی راج		
۲۷۔ راجہ رائے پالی	۴۰ سال	
۲۸۔ راجہ موئے رائے	۲۰ سال	

۲۹۔ راجہ جے سنگھ

(مشہور ہے کہ یہ راجہ ۱۳۶۵ء میں مسلمان ہوا)

اسلامی نام نواب قائم الدین خاں چوہان رکھا گیا

راجہ پرتھوی راج چوہان

چوہان راجپوتوں میں ایک معروف راجہ ہوا ہے۔ بہت حسین، نڈر، بہادر اور دلیر راجپوت تھا۔ راجہ پرتھوی راج نے دہلی اپنے ماموں سے چھینی تھی معروف پنجابی کہاوت ہے۔

پہلے دلی طوراں لٹی پھر لٹی چوہاناں
مامے کولوں بھانجے کھوہ لئی کر کے زور دھگاناں

راجہ پرتھوی راج چوہان اپنے نانا طور بادشاہ انگ پال ثانی کی جگہ تخت دلی پر قابض ہوا۔ والئی اجمیر وجے پور راجہ چوہان کی شادی انگ پال ثانی کے گھر ہوئی جس سے راجہ پرتھی راج چوہان پیدا ہوا۔ راجہ انگ پال ثانی طور بادشاہ کی دو لڑکیاں تھیں لڑکا نہ تھا اور دوسری لڑکی کی شادی ریاست قنوج کے راجہ راٹھور کے گھر ہوئی اس سے جے چند راٹھور پیدا ہوا۔ یہ دونوں آپس میں کزن تھے۔ راجہ

پر تھوی راج اور راجہ جے چند راٹھور دونوں اپنے نانا کے پاس گئے چونکہ اس کے ہاں اولاد نہ تھی اس لئے جانشینی کے حوالہ سے پریشان رہتا تھا تو اس نے راجہ پر تھوی راج کو اپنا ولی عہد مقرر کیا۔ نانا کی وفات پر راجہ پر تھی راج اپنے نانا کا وارث بنا۔ دلی۔ اجمیر و جے پور کا عظیم راجپوت چوہان راجہ ثابت ہوا۔ ان دونوں ریاستوں کی باہمی عداوت و دشمنی کی وجہ سے باہر کے لوگوں کو حکومت گرانے کا موقعہ ملا۔ چنانچہ راجہ جے چند راٹھور کی دعوت پر سلطان محمد غوری نے غزنی سے آکر ۱۱۹۱ء میں راجہ پر تھی راج چوہان کو للکارا اور حملہ کر دیا۔ راجہ کی فوجوں سے خوب مقابلہ ہوا اور سلطان محمد غوری غزنی واپس جانے پر مجبور ہو گیا اور بھاگا بھاگا لاہور آگیا پھر ایک سال بعد دوبارہ غوری نے دہلی پر چڑھائی کی اور کامیاب رہا۔ ۱۱۹۲ئہ میں ہندو راج کا خاتمہ ہو گیا اور یوں چوہانوں کی حکومت اپنے اختتام کو پہنچی۔

سنجوگتا سوئمبر

راجہ پر تھی راج چوہان کی زندگی میں سنجوگتا سوئمبر ایک بہت بڑا واقعہ ہے۔ اسے ایک شاعر نے منظوم کیا ہے۔

آپ بھی پڑھیں۔

ہے مشہور سنجوگتا کا سوئمبر
بیاں کر چکے ہیں اسے لوگ اکثر
تھا قنونج میں ایک جے چند راجا
بڑا خاندانی بڑی شان والا
اسی کی تھی سنجوگتا ایک دختر
رچایا تھا جس کے لئے سوئمبر
تھا اجمیر میں پرتھی راج ایک راجہ
بڑا ہی بہادر تھا یہ نیک راجہ
بڑا سورما اور شوکت نشاں تھا
یہی تخت دہلی پر بھی حکمراں تھا
اسے دل سے سنجوگتا چاہتی تھی
مگر اس سے جے چند کو دشمنی تھی
سوئمبر کا دن جب قریب آ کے پہنچا
ہر اک دیش میں اس نے بھاٹوں کو بھیجا
بڑی شان و شوکت سے خیمے لگائے
ہر ایک ملک سے اس کے مہمان آئے

مگر پرتھی راجہ اس جگہ پر نہ آیا
کہ اس کو نہ جے چند نے تھا بلایا
مگر اس کا سونے کا ایک بت بنا کر
بٹھایا سوئمبر کے منڈپ سے باہر
یہ سنجوگتا نے سنا تلملائی
بہت سوچ کر ایک داسی بلائی
محبت کی سب داستاں کہہ سنائی
غرض یہ کہ ہمراز اپنی بنائی
کہا جلد جا کر اسے لے کے آؤ
اسے میری مجبوریاں کہہ سناؤ
دیا جا کے داسی نے پیغام اس کا
بدل کر وہ جھٹ بھیس قنوج پہنچا
ادھر جب سوئمبر کا وقت آن پہنچا
اکٹھے ہوئے آ کے منڈپ میں راجا
ہر اک شیر دل اپنی ہمت پہ نازاں
ہر اک سورما اپنی طاقت پہ نازاں

سبھی نے یہ اپنے دلوں میں تھی ٹھانی
بنے آج سنجوگتا میری رانی

ہو اشور سنجوگتا آ رہی ہے
چمن کھل اٹھے صبا آ رہی ہے

محل سے نکل کر غرض آ گئی وہ
گھری آ کے محفل میں شرما گئی وہ

تھا جیمال ہاتھوں میں اور سوچتی تھی
کہ پرتھی نے آنے میں کیوں دیر کر دی

وہ حیران تھی کوئی چارا نہیں تھا
سبھا میں کہیں اس کا پیارا نہیں تھا

پھری ساری محفل میں وہ سر جھکائے
کبھی دیکھ لیتی تھی آنکھیں چرائے

وہ ایسی تھی جیسے سحر کا ستارہ
جو رہ جائے سطحِ فلک پر اکیلا

سبھا اس نے سب یوں ہی جب دیکھی بھالی
تو جے مال گردن میں مورت کے ڈالی

یہ دیکھا تو جے چند اٹھا طیش کھا کر
چلا اپنی دختر پہ تلوار اٹھا کر
مگر سورما پرتھی راج آ گیا تھا
وہ اس حال کو آڑ سے دیکھتا تھا
اٹھا اب وہ سنجوگتا کو اٹھایا
بٹھایا اسے اور گھوڑا بھگایا
رہے دیکھتے سب، مگر لے گیا وہ
بنایا اسے رانی گھر لے گیا وہ
غرض ہو گئی اک بڑی دشمن اب
ہوئی خانہ جنگی لڑائی ٹھنی اب
کیا اس لڑائی نے برباد بھارت
کہ ہے آج تک جس سے ناشاد بھارت

اب یہاں راجہ پرتھی راج کے مختصراً" مزید حالات زندگی پیش کئے جاتے ہیں۔

جب پانی پت تراوڑی کے میدان میں پرتھوی راج اور شہاب الدین محمد غوری کے مابین پہلی جنگ ہوئی تو پرتھوی راج کے ہاتھوں

غوری نے عبرتناک شکست کھائی تھی اور جب زخمی حالت میں شہاب الدین غوری کو پرتھوی راج کے سامنے لایا گیا تو اس نے کہا تھا "شہاب الدین اگر میں چاہوں تو تمہاری گردن تن سے جدا کر سکتا ہوں مگر معلوم نہیں کہ وہ کونسا احساس ہے جو مجھے تلوار اٹھانے سے روکتا ہے میرا دل نہیں چاہتا میں تمہیں قتل کروں شاید یہی وجہ ہے کہ تم میری نسل سے ہو۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں خالص راجپوت ہوں اور راجپوتوں کا اصول ہے کہ وہ کمزور اور شکست خوردہ حریف پر تلوار نہیں چلاتا۔ بس میں تمہیں معاف کرتا ہوں۔ اس کے برعکس جب پرتھوی راج اور محمد غوری کے درمیان دوسری جنگ ہوئی تو پرتھوی راج کو شکست ہوئی۔ راجہ زخمی ہوا۔ اس موقعہ پر پرتھوی راج کو گرفتار کر کے محمد غوری کے سامنے لایا گیا۔ تو غوری نے کہا کہ "پرتھوی راج میں تمہاری قدر کرتا ہوں کہ تم ایک بہادر نڈر' بااصول راجپوت انسان ہو۔ مگر میں تمہاری جیسی حماقت نہیں کر سکتا کہ تمہیں معاف کر دوں۔ جبکہ میرا دل بھی نہیں چاہتا کہ تمہیں قتل کروں۔ کیونکہ تم نے میری جان بخشی کی تھی۔ اگر تم چاہتے تو مجھے قتل کر کے میرے خاندان کا نام ونشاں مٹا سکتے تھے پھر شاید کسی افغان

حکمران کی جرات نہ ہوتی کہ وہ ہندوستان کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھ سکتا۔ مجھے افسوس ہے کہ تم اپنے راجپوتوں کے اصول کے مطابق قتل کئے جا رہے ہو۔ تم نے ایسے اصول اپنائے کہ اپنی جان سے بھی جا رہے ہو اور اپنے عالی شان تخت و تاج کو بھی گنوا رہے ہو۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ میری رگوں میں بھی آریا خون موجزن ہے لیکن افغانستان کے آب و دانہ میں بے حسی' بے وفائی اور محسن کشی بدرجہ اتم موجود ہے۔ میرے دوست۔ میرے محسن میں اس حوالہ سے مجبور ہوں اور میری بے حسی نے خون کے تمام رشتوں کو فراموش کر دیا۔"

یہ کہہ کر محمد غوری نے حکم دیا کہ پرتھی راج کو قتل کر دیا جائے اور دس شمشیربرداروں نے پرتھوی راج کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔

راجہ پرتھوی راج کے قتل کے بعد غوری نے تین روز تک اس کے غم میں کچھ نہ کھایا اور نہ پیا اور اپنے افسروں سے کہا کہ مجھے ایسا لگتا ہے میں نے پرتھوی راج کو قتل نہیں کیا بلکہ اپنے جسم کا کوئی حصہ کاٹ کر پھینک دیا ہے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ جب تک غوری زندہ رہا۔ تادم حیات پرتھوی راج کے قتل کا افسوس کرتا رہا۔ یاد رہے کہ ہندوستان اپنے میزائل کا نام پرتھوی میزائل اسی مناسبت سے رکھا

ہے پاکستان نے اس کے جواب میں میزائل کا نام غوری میزائل رکھا ہے مزید غزنوی میزائل کے نام پر نام رکھا جائے تو بہتر ہو گا۔

(تاریخ راجپوت حصہ اول صفحہ ۹۵)

والئی بھٹیانہ راجہ گوگا چوہان

چوہان خاندان میں راجہ گوگا بھی بہت مشہور ہوا ہے۔ جس کو گوگا پیر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ انہیں سانپوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے کچھ مورخین کا خیال ہے کہ گوگا پیر کی سانپ کے کاٹنے سے موت واقع ہوئی تھی لیکن اکثر مورخین کی رائے یہ ہے کہ وہ شہاب الدین کے ساتھ جنگ میں مارا گیا تھا اور وہ اس وقت بھٹیانہ کا حکمران تھا۔ پیر سانپوں والا کا تعلق چوہان راجپوتوں سے تھا۔ ان کے متعلق کئی تاریخوں میں آیا ہے اور شاہان گوجر کے مصنف مولوی عبدالمالک نے تحریر کیا ہے کہ یہ مشہور و معروف پیر خاندان چوہان کا چشم و چراغ تھا۔ اس کے اردگرد سانپ اکٹھے رہتے تھے ان کی کرامات کی وجہ سے سانپ کے کاٹے ہوئے آدمی پر زہر اثر نہین کرتا تھا۔ ریاست بیکانیر ضلع گنگانگر میں ایک جگہ دلایرہ ہے جہاں وہ رہتا تھا۔ اجیرہ چوہان کے ہاں پیدا ہوا۔ بچپن میں بھگتی اختیار کی ذات کا ہندو چوہان تھا۔ گوگا

چوہان کے زیادہ حالات نہ مل سکے۔ البتہ حاجی رتن؁ آف بٹھنڈہ کے خلیفہ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے۔ تبدیلی مذہب کی بنا پر واپسی پر بھائیوں نے قتل کی کوشش کی چونکہ راجہ چوہان مسلمان ہو چکا تھا۔ بھائیوں سے کہا کہ مجھے نہ مارو ورنہ میں کسی ایسی جگہ چلا جاؤں گا جہاں سے واپسی مشکل ہو گی چنانچہ بھائی مارتے رہے اور گوگا پیرا نہیں روکتا رہا۔ بالاخر گھوڑا زمیں پر کھڑا۔ زمین میں دھنستا گیا حتی کہ زمین دوز ہو گیا بعد میں بھائی بہت پریشان ہوئے اور یہ کرامت دیکھ کر مسلمان ہو گئے۔ اب گوگے دی ماڑی ریلوے اسٹیشن ہے۔ ہر طرح کے سانپ اردگرد رہتے ہیں کسی کو گزند نہیں پہنچاتے۔ کہتے ہیں سانپ کا ڈسا جب اس کے پاس چلا جاتا تو زہر کا اثر ختم ہو جاتا تھا۔ اب مڑی میں بھی یہی صورتحال ہے۔ ان کے مزار پر میلہ لگتا ہے گویا کہ سانپوں والا پیر مشہور خاص و عام ہے۔

(تاریخ راجپوت صفحہ ۹۴۔۱۹۷ از جھنڈ ہرا)

چوہانوں میں اسلام

تاریخی طور پر یہ بات ثابت ہے کہ راجہ پرتھوی راج کا بھتیجہ چوہانوں میں سب سے پہلے مسلمان ہوا۔ غالباً" اس کا نام ایشرداس تھا

جو خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمت اللہ علیہ کے دست حق پرست پر دائرہ اسلام میں داخل ہوا۔ اس کے بعد چوہانوں میں اسلام کی رغبت بڑھ گئی اس کے بعد راجہ جے سنگھ ۱۳۶۵ء میں مسلمان ہوا۔ اس کا اسلامی نام نواب قائم الدین خاں چوہان رکھا گیا جس سے قائم خوانی چوہان چلے۔ قائم خوانی چوہانوں کی تاریخ مولوی عطا محمد نے تاریخ قائم خوانی کے نام سے لکھی ہے جس کو میں نے پڑھا ہے۔

رائے مانک چوہان بہ مشہور و معروف بہادر چوہان راجہ تھا یہ اس وقت سندھ کے کناروں پر اپنی فوجوں کا للکارتا ہوا پہنچا۔ جب راجہ داہر والئی سندھ اور ملتان نے بواسطہ مذہب و برہمن کی پکار سے ہند راجگان کو دعوت جنگ دی گئی تھی دیگر راجگان ہند کے ہمراہ یہ بھی آگ بگولے کی طرح سندھ آگیا اور مجاہدین اسلام کے سامنے سینہ سپر ہو گیا اور بے انتہا خون ریز جنگ میں اپنے جنگی کرتب دکھانے کے علاوہ بڑی بہادری اور بے جگری سے مجاہدین اسلام کا مقابلہ کیا جس دلیرانہ جنگ سے اس نے جنگ کا نقشہ تبدیل کیا تھا حضرت محمد بن قاسم جیسے مجاہدین اسلام نے اس کی داد دی اور بے ساختہ کہہ اٹھا کہ قوم و مذہب اور ملک پر نثار ہونے والے انسانوں میں رائے مانک چوہان

ایک ہے اس نے اپنی جان میدان کارزار میں دی مگر اپنا قدم نہ پھیرا"

چوہانوں کی ہر صدی ہر کرن و دور میں خدمات ہیں۔ شاہ نامہ رسوم کے مصنف اور پاکستان کے قومی ترانہ کے بانی معروف شخصیت کا تعلق بھی چوہان راجپوتوں سے تھا جن کا ابو اثر حفیظ جالندھری ہے۔

بھانیکا چوہان

آلہٰ چوہان کی چھٹی پشت سے چنن چوہان ہوا جو کہ اسم باسمی تھا۔ اس کے تین فرزند تھے۔ خیرا۔ بھانا۔ سدھار۔

خیرا کی اولاد خیرے کے' بھانا کی اولاد بھانیکے اور سدھار کی اولاد سدھار کے کہلائی۔

بھانیکے حضرات بھی پورے پنجاب میں پائے جاتے ہیں۔ ضلع بھاول نگر میں رام پورہ چوپالیہ ضلع پاکپتن میں محمود پور اور علاقہ قبولہ میں بھانیکا ٹیوب ویل اڈہ نزد سوہاوہ مل موجود ہے۔ وہاں بھانیکے حضرات رہتے ہیں۔ اسی طرح ماڑی ہزارہ میں حاجی شاہ محمد صاحب بھانیکا پتی دار رہتے ہیں۔ علاوہ ازیں کئی مقامات پر یہ لوگ آباد چلے آرہے ہیں۔ ان میں بھی بڑے بڑے زمیندارہ اور ملازمین ہیں۔ متوسط طبقہ کے لوگوں کی بھی اکثریت ہے۔ الغرض ہر طرح کے

لوگ موجود ہیں۔ تحصیل منچن آباد میں میاں خورشید احمد بھانیکا خاصے زمیندار ہیں۔ باہوساڑو میں میاں نور حسن بھانیکا معروف شخصیت ہو گزرے ہیں۔ قریبی بستی رتی رام میں حاجی عبدالستار زبیری صاحب بھی بھانیکا خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اس وقت گورنمٹ ہائیر سکینڈری ماڈل سکول منچن آباد میں اپنے فرائض بطور ہیڈماسٹر انجام دے رہے ہیں۔

یاد رہے کہ محمود پور میں ضلع پاکپتن میں میاں محمد شریف صاحب بھانیکا چوہان آباد ہیں جن کی اولاد میں ڈاکٹر محمد اکبر صاحب ہیں جو کہ مذکورہ چک میں پریکٹس کرتے ہیں:

نیز رام پور میں میاں محمد رفیق چوہان بھانیکا جو اچھے خاصے زمیں دار ہیں اور چیرمین یونین کونسل ہے رہ چکے ہیں۔ صاحب اخلاق اور ملنسار آدمی ہیں۔

چوہانوں کی عظمت کے دلائل

۱۔ کرنل ٹاڈ نے چوہانوں کا شجرہ نسب راجپوتانہ سے حاصل کیا اس میں راجہ انہل ثانی سے لے کر راجہ پرتھی راج تخت نشین راجگان کی چھتیس پشتیں درج کی ہیں۔ اس خاندان میں راجہ

جے مل تھا جس نے اجمیر کا قلعہ تعمیر کیا تھا جو کہ چوہانوں کی عظمت کی نشانی ہے۔

۲۔ مقام سوئمبر جہاں کا نمک مشہور ہے۔ راجہ سانبھر نے بنایا تھا جو کہ چوہانوں کا اول راجہ تھا۔ جس کا نام راجہ مانک راچوہان تھا۔ یہ بھی چوہانوں کی مشہور یادگار ہے۔

۳۔ راجہ مانک راچوہان جس نے خلیفہ ولید کے سپہ سالار محمد بن قاسم کے حملہ کی مدافعت کرتے ہوئے اس بے جگری سے مقابلہ کیا کہ پہلی صدی کا عظیم فاتح راجہ مانک راچوہان کو داد شجاعت دیتے ہوئے اس کے عزم پر داد دیتا رہا۔ یہ اقوام ہند کی عظمت کی سب سے بڑی دلیل ہے۔

۴۔ سلطان محمود غزنوی کے حملہ کے وقت چوہانوں نے وہ جوانمردی دکھائی کہ سلطان محمود نے ادھر سے رخ تبدیل کر کے سوراشٹر کی طرف چلا گیا۔

۵۔ ۱۱۹۱ء میں غوری نے والئی اجمیر راجہ پرتھی راج پر بھرپور حملہ کیا لیکن چوہانوں کی ہمت اور راجہ پرتھی راج کی فن سپاہ گری اور عظیم فوج نے نووارد سلطان محمد غوری کا اس شان سے مقابلہ کیا

کہ غوری اپنی جان بچا کر واپس اپنے وطن غزنی چلا گیا۔

۶۔ اس دفعہ راجہ سبیل دیو نے پراروت پرمار جو چوہانوں کا دشمن تھا حملہ کیا۔ لیکن اس دفعہ بھی چوہانوں نے اپنی بہادری کے جوہر بے نظیر دکھائے۔

۷۔ اورنگ زیب عالمگیر نے اپنے والد شاہ جہاں بادشاہ کے خلاف جب برسرپیکار ہوا تو اس وقت کے چوہانوں کی ہمدردیاں شاہ جہاں کے ساتھ تھیں اور صف اول میں ان کی تلواریں چمکیں اس جنگ میں گاگراں، گھوگرا، کچی بروہی، دبورا، سونگرا، سوئی بہار مان کوٹ کے چوہانوں اور ریاواگڑہ پولچا خاندان نے میدانکار زار میں لڑ کر شہنشاہ کی وفاداری کا دلی ثبوت دیا۔

ان مصدقہ دلائل سے ظاہر ہوتا ہے کہ چوہان راجپوتوں نے بہادرانہ طور پر ہر کرن ہر صدی میں جوہر مردانگی دکھائے اور مخالف حملہ آوروں کو بے حد حیران کر کے اپنی شجاعت و عظمت کو میدان کارزار میں سنہری لفظوں میں تاریخ کے سپرد کر دیا۔

چوہانوں کی معروف گوتیں

چوہان، مرل چوہان، چوٹیہ چوہان، گوندل چوہان، چیمہ چوہان، چٹھہ

چوہان، کچھی چوہان، باڑہ چوہان، شیخاخوانی چوہان، قائم خوانی چوہان، موتی گرا چوہان، سمور چوہان، بھانیکا چوہان، سدھار کا چوہان، خیرے کا چوہان، واندر چوہان، سہو چوہان، موہل چوہان، لعل خوانی چوہان، وڑائچ چوہان، چہل چوہان وغیرہ

تیسرا باب

۱۔ چوڑیہ

۲۔ وجہ تسمیہ لفظ چوڑیہ

۳۔ اوصاف چوڑیہ

۴۔ برصغیر میں چوڑیوں کے مراکز

چوٹیہ

چوٹیہ خاندان کا مورث اعلیٰ خاندان چوٹیہ میاں چند چوہان تھا جو بارویں تیرھویں صدی عیسوی کے راجپوتوں میں بہادر و جوانمرد جوان تھا۔ راجہ مانک رائے چوہان کی اولاد میں سے گھنگ نامی معروف شخص گزرا ہے اس کے چار فرزند ہوئے۔ اجیرہ' چند' کتھ اور مہی کرن چند کا فرزند چوٹیہ ہوا۔ جس کی نسل چوٹیہ خاندان کے نام سے مشہور ہوئی۔ جس طرح چوہان راجپوتوں کی شاخیں چیمہ' چٹھہ' گوندل وغیرہ ہیں اسی طرح چوہانوں کی شاخ چوٹیہ ہے۔

گلاسری آف دی پنجاب جلد دوم کے مطابق چوٹیہ پچادہ کے قبیلول میں سے ایک قبیلہ ہے جو اپنے آپ کو چوہان راجپوت بتاتے ہیں اور اپنا مورث اعلیٰ چوٹیہ کو بتاتے ہیں ان میں سے اکثریت مسلمان ہیں اور صرف چند ایک گھرانے ہندو ہیں۔ (صفحہ ۱۸۲)

چوٹیہ کی آٹھویں پشت سے راجہ بھراپال ہوا جس کی حکومت بھٹنڈہ سے دریائے ستلج تک تھی اس نے کافی سال حکومت کی۔ گوگا چوہان کی وفات کے بعد یہ قوم منتشر ہو گئی اور یہ لوگ ندی گھاگھرہ کے کنارے جانب پچھّم آباد ہوئے۔ وچھراجہ چوٹیہ کی چھٹی پشت سے

میاں شیرا چوٹیہ ہوا جو اپنے دور کا نامور آدمی تھا اس کے دو فرزند تھے۔ اللہ داد۔ لکھو۔ بیگڑ ضلع حصار کے جتنے چوٹیے ہیں ان دونوں کی اولاد ہیں میاں شیرا چوٹیہ کی اولاد میں سے مولوی شہاب الدین، اور مولوی عبداللہ اپنے وقت کے بہت بڑے عالم اور پارسا شخصیت تھے۔ ملکی تقسیم کے بعد مولوی شہاب الدین چوٹیہ ڈوئنہ نزد قریشی چوک ضلع مظفر گڑھ تشریف لائے اور وہیں وفات پائی۔ ان کے لڑکے ابوبکر چوٹیہ تھے وہ بھی فوت ہو چکے ہیں اب ان کے لڑکے میاں سعید احمد چوٹیہ B.A تاحال زندہ ہیں۔ خدا اسلامت رکھے۔ ضلع حصار کے چوٹیوں کو بعض لوگ پچادہ کہہ کر بھی پکارتے ہیں۔ ظفر جھنڈیر اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ پچادہ بھی کوئی گوت نہیں ہے۔ ایک نام ہے کہا جاتا ہے کہ اس قبیلے کا کوئی آدمی پیدل فوج میں ملازمت کرتا تھا جس کی وجہ سے لفظ پچادہ پڑھ گیا بعض کے بقول بیھم سے پچادہ بن گیا۔

وجہ تسمیہ لفظ چوٹیہ

چوٹیہ کا لفظی معنی چوٹ یا نشانہ کے ہیں۔ مشہور ہے کہ اس وقت چوہان نے کپی (تورن) چوٹی تھی۔ نشانے بازی کی مہارت کی بنا پر

دیگر چوہانوں اور راجپوتوں نے اس کو چوٹیہ کہنا شروع کر دیا۔ ہمارے چیف مراثی کی روایت کے مطابق چوہان جیل میں قید ہوا۔ وقت کے حاکم نے کہا کہ کپی پر نشانہ کون لگائے گا۔ تمام قیدیوں کو میدان میں لایا گیا تمام کے نشانے خطا گئے جب چوہان راجپوت چند کے فرزند کی باری آئی تو اس نے مقررہ مقام پر ٹھیک نشانہ لگایا اور کپی کے پرخچے اڑا دیئے جس سے سب لوگ عش عش کر اٹھے۔ صحیح نشانہ لگانے کی بنا پر چند کا فرزند چوٹیہ کے نام سے معروف ہوا۔ گویا کہ چوٹیہ کا معنی نشانہ باز ہے۔ مزید کئی وجوہات بھی بیان کی جاتی ہیں مثلاً" جناب غلام رسول صاحب چوٹیہ ریٹائرڈ ڈی ایس پی آف ننکانہ صاحب کی روایت کے مطابق میاں چند کا فرزند جو چوٹیہ مشہور ہوا۔ تو لوگوں نے چوٹیہ کا مفہوم پوچھنا شروع کر دیا۔ تو جواب ملا کہ چوٹیہ کا مطلب چوٹی کے راجپوت ہے۔

چوٹیہ خاندان اورنگ زیب مغل بادشاہ کے عہد میں دائرہ اسلام میں داخل ہوئے۔ پہلا شخص چوٹیہ جو مسلمان ہوا اس کا اسلامی نام میاں رحمت علی رکھا گیا واضح ہو کہ قبل از اسلام اس کا نام میاں دولہ تھا۔ اورنگ زیب عالمگیر رحمتہ اللہ علیہ کی وفات ۱۷۰۷ء میں ہوئی تو

گویا خاندان چوٹیہ کم و بیش تین صدیوں سے مسلمان چلا آ رہا ہے۔
ہندوستان میں ہندو اور سکھ چوٹیے بھی آباد ہیں۔

اوصاف چوٹیہ

برصغیر پاک و ہند میں خاندان چوٹیہ کا خوش قسمت اور عظیم انسان مغلیہ دور میں راجپوت چوہان چوٹیہ میاں دولہ دائرہ اسلام میں داخ ہو کر میاں رحمت علی کے نام سے موسوم . ہوا۔ پھر چوٹیوں میں اسلام قبول کرنے کا ذوق خوب بڑھا اور جوق در جوق دائرہ اسلام میں داخل ہونے لگے۔ چوٹیہ خاندان کے افراد قیام پاکستان کے وقت مختلف اضلاع میں آباد ہو گئے۔ اگر انہیں یکجا کر دیا جائے تو کم و بیش ایک ممبر قومی اسمبلی اور دو ممبران صوبائی اسمبلی کامیاب ہو سکتے ہیں لیکن فی زمانہ یکجا کرنا ناممکن ہے۔

چوٹیہ خاندان میں بھی دیگر خاندانوں کی طرح علماء۔ صوفیا' وکلا' دانشور' حاجی' نمازی موجود ہیں۔ تاہم خاندان کی اکثریت اس دور میں بھی تعلیم سے بے بہرہ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تعلیم کو عام کیا جائے۔ چوٹیہ خاندان کے افراد میں راجپوتی جوہر آج بھی موجود ہے۔ عزت و ناموس کی خاطر جان دے دینا ان کا طرۂ امتیاز ہے۔

جوش میں ہوش کے قائل نہیں ہیں۔ راجپوتی خون بہت جلدی گرم ہو جاتا ہے۔

بقول تلسی رام

عار نہ سہندے نار سیرڈن بول نہ سہن شریکاں
آدم دے پت بزدل ہو گئے شیطو لائیاں لیکاں

تحمل، بردباری اور رواداری انسان کے بہترین اوصاف ہیں۔ مجموعی طور پر جو چیز ان میں دیکھی گئی ہے کہ باوجود مسلمان ہونے کے وہ حاسد ہیں جس کی اسلام مذمت کرتا ہے مسلمان کی شان یہ ہے کہ وہ کسی سے حسد نہیں کرتا۔ بلکہ رشک کرنے کی اجازت ہے سنت کا ایک معنی دل کی صفائی بھی ہے جہاں صفائی وہاں خدائی۔ اللہ تعالیٰ کو عموماً" اور اس خاندان کو خصوصاً حسد جیسے روحانی مرض سے شفایاب ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہے۔

سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم اور ویسے بھی حسد خدائی تقسیم پر براہ راست اعتراض ہے جو کہ مناسب نہیں۔ دنیا میں سب سے پہلا قتل حسد کی وجہ سے ہوا۔

بقول شاعر

؎ حاسد حسد کی آگ میں خود ہی جلا کرے
وہ شمع کیوں بجھے جسے روشن خدا کرے

برصغیر میں چوٹیہ خاندان کے مراکز

چوٹیہ خاندان کی آبادی میں جب اضافہ ہوا تو خاندان کے افراد مختلف علاقوں میں پھیل گئے۔ ان کے اہم مراکز کا مختصرا" تذکرہ درج ذیل ہے۔

۱۔ قصبہ بیگڑ:۔

یہ قصبہ تحصیل فتح آباد ضلع حصار میں بہت بڑا شہر نما قصبہ تھا۔ جس کی پانچ نمبرداریاں تھیں۔ اس قصبہ میں اکثریت سکھیرا خاندان کی تھی جیسا کہ بانی قصبہ میاں فرید خاں سکھیرا سے ظاہر ہے اور چوٹیہ خاندان کے افراد بھی کافی تعداد میں موجود تھے۔ بلکہ پورے ضلع حصار میں یہ خاندان مختلف مقامات پر پھیلا ہوا تھا۔ مثلا" بادل گڑھ، فتح آباد، خونن وغیرہ اسی قصبہ میں ایک عظیم شاہی مسجد تھی جس کے مینار پانچ چھ میل دور سے دکھائی دیتے تھے جو کہ اس قصبہ کی عظمت کی دلیل ہے۔

نمبرداروں میں میاں محمد صدیق سکھیرا، میاں مستقیم سکھیرا،

میاں صوبہ' میاں نور محمد اور میاں جلال خاں سکھیرا قابل ذکر ہیں۔ خاندان سکھیرا کا تعلق طور راجپوتوں سے ہے۔ میاں سکھراج کی اولاد ہونے کی وجہ سے سکھیرا کہلائے۔

سکھیرا خاندان کی چوٹیہ خاندان سے پرانی رشتہ داری ہے مولوی شہاب الدین چوٹیہ رحمت اللہ علیہ بھی اسی قصبہ سے تعلق رکھتے تھے جو کہ اس خاندان کے بزرگوں میں شمار ہوتے تھے۔ مولوی محمد عبداللہ اور میاں شیرا چوٹیوں کے اکابر تھے اور ان کی قبریں بھی بیگڑ ضلع حصار میں موجود ہیں۔

قصبہ بیگڑ نے ولی بزرگ' سیاستدان اور مذہبی شخصیات پیدا کیں جو کہ چوٹیہ خاندان کی قابل فخر ہستیاں تھیں۔ ملکی تقسیم کے وقت پاکستان آتے ہوئے قصبہ بیگڑ نے سکھوں سے مقابلہ کیا اور جوانمردی کے جوہر دکھا کر سکھوں کو پسپا کر دیا گیا۔ سکھ کافی تعداد میں مارے گئے۔ یہ کارنامے خاندان چوٹیہ کی بہادری کی علامت ہیں۔

۲۔ مدھانی والا

قصبہ مدھانی والا تحصیل میلسی آباد میں واقع ہے منڈی صادق گنج سے قریباً" ۱۲ کلومیٹر جانب مشرق بارڈر سے پانچ چھ کلومیٹر دور واقع

ہے۔ جانب جنوب ریاست بیکانیر ہے۔ اس قصبہ کی بنیاد رکھنے والے
چوٹیہ خاندان کے عظیم فرد میاں پارس خاں چوٹیہ تھے۔ ہمارے آباؤ
اجداد جب چوٹیاں خورد سے یہاں تشریف لائے تو یہ ایک جنگل تھا بس
جھاڑیاں اور درخت۔ ایک درخت پر خانہ بدوش قبیلوں کی چند
مدھانیاں لٹکی ہوئی تھیں جس کی بنا پر اس کا نام مدھانیاں والا اور بعد
ازاں تخفیف کے طور پر مدھانی والا مشہور ہوا یہ اٹھارویں صدی
عیسوی کی بات ہے۔ میاں پارس خاں چوٹیہ کے ساتھ ان کے بھائی
میاں رانا خاں چوٹیہ بھی تھے اور دوسرے بھائی میاں بھانہ چوٹیہ۔
چوٹیاں خورد ضلع فیروزپور میں ہی ٹھہرے رہے۔ سنا ہے کہ اس وقت
ان کے ساتھ گودھا بٹر' کریم بخش سین' میاں جیون سین بھی ساتھ
تھے اور اپنے اپنے لواحقین کو لا کر آباد کیا اس لئے یہ موضع ملکی تقسیم
سے بہت قبل ہی چوٹیوں کا مرکز بن چکا تھا۔ بعد میں نہری نظام آگیا۔
۱۹۴۷ء تک چلتا رہا۔ تقسیم ہند کی وجہ سے یہ نہر بند ہو گئی اور یہاں
کے تپتے ہوئے کھیت پانی کی بوند کو تاحال ترس رہے ہیں۔ صرف
باران رحمت کے سہارے یہاں کی گزر اوقات ہے۔ دراصل بارڈر
ایریا کم و بیش اسی چکوک پر مشتمل ہے۔ جہاں پانی کا کوئی خاص

بندوبست نہیں لوگوں نے کنوئیں وغیرہ یا زمانہ حال میں پیٹر وغیرہ لگا رکھے ہیں۔ بارش ہو تو یہ علاقہ خوشحال اور اگر بارش نہ آئے تو زندگی محال لیکن اس پر بھی خدا تعالٰی کا شکر ہے بقول شاعر

نہ فراق اچھا ہے اے دل اور نہ وصال اچھا ہے
یار جس حال میں رکھے وہی حال اچھا ہے

قصبہ مدھانی والا کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس میں دیوبند کے فاضل مولوی نور احمد سین پنوار راجپوت جو اپنے وقت کے جید عالم دین تھے اور سیاسی آدمی تھے اور سفید پوش بھی۔ گویا کہ مدھانی والا بارڈر ایریا کا جنگشن ہے۔ لیکن ذرائع آمدورفت نہ ہونے کے برابر۔ وسائل ندارد عرصہ ۲۵ سال سے سنتے آرہے ہیں کہ نہر آرہی ہے لیکن ابھی تک امریکی بیڑے کی طرح پہنچ نہ سکی۔ کسی ایم پی اے یا ایم این اے کو توفیق نہ ہوئی کہ وسائل سے محروم علاقہ کی طرف خصوصی توجہ کرے۔ کامیاب ہو کر اپنی تجوریاں بھرنے کی فکر میں رہتے ہیں۔ فوراً" بعد دوسرے الیکشن آجاتے ہیں۔ اللہ کرے ان اسی چکوک میں سے تعلق رکھنے والا کوئی مرد میدان پیدا ہو اور آگے آئے تاکہ اس کے سبب ہی اس علاقہ کے لوگ اپنی تقدیر بدل سکیں۔

علاوہ ازیں اس قصبہ کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ اس قصبہ کے بانی کی اولاد میں سے ضلع بہاول نگر کی مشہور سیاسی شخصیت میاں محمد سلیم صاحب چوبیہ ہیں جو خاندان کے موجودہ سربراہ ہیں۔ معروف سماجی کارکن ہیں۔ ممتاز قانون دان ہیں۔ اسی خاندان میں تعلیم یافتہ افراد کافی ہیں۔

الغرض مدہانی والا نے وکیل' سیاسی شخصیتیں' ایم اے اردو' ایم اے اسلامیات' پروفیسر اور ماسٹر حضرات پیدا کئے۔ جو کہ دوسروں کے لئے قابل تقلید ہیں۔ حسن اتفاق ہے کہ مولف گلشن چوبیہ کا تعلق بھی اسی قصبہ کے خاندان سے ہے۔ گویا کہ مدہانی والا میں پڑھا لکھا خاندان پارس کے چونے ہر اعتبار سے ترقی پذیر ہیں۔

اس کے علاوہ شیخ فیملی کے ایک بہت عمدہ شاعر حافظ محمد سلطان مرحوم کا تعلق بھی اسی قصبہ سے ہے۔ اپنے وقت کے بہت بڑے شاعر تھے جن کے اشعار کی جھلک قارئین کے ذوق مطالعہ کی خاطر پیش خدمت ہے۔ حافظ محمد سلطان نے برصغیر کی تقسیم کے متعلق اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا۔

دم دم رب دا نام چتاراں

سر سردار بنی توں واراں
ازبک غم دی حالت یاراں
دساں جیویں وہائی اے
الٹ زمانے دی وا گھلی ڈلی کل خدائی اے

جو چھولے تے کنک نرالی
گھن سبھ چیزاں سپانوالی
دوتیاں اگ لگائی اے
الٹ زمانے دی وا گھلی ڈلی کل خدائی اے

بولاں کی بنگلے دے حالے
گولی چلی جدوں دوالے
محل ڈرے سبھ محلاں والے
کسے ناں ٹنگ اڑائی اے
الٹ زمانے دی وا گھلی ڈلی کل خدائی اے

ہاں جادی خاں کیتے جیرے
تے اسدے فرزند بھلیرے
ہور محمد فرید سکھیرے

ہمت بھلی جتائی اے

الٹ زمانے دی وا گھلی ڈلی کل خدائی اے

کند والے تھیں جویئے چلے

کتنے ہور گراں سنگ رلے

قافلہ بڑا بنا کے چلے

وطنوں واگ اٹھائی اے

الٹ زمانے دی وا گھلی ڈلی کل خدائی اے

اوڈ قصائی گلاں کر دے

بھیڑ لڑائیوں اساں تاں ڈردے

لکے چھپے وچ کنب دے ڈردے

موتوں ہیبت چھائی اے

الٹ زمانے دی وا گھلی ڈلی کل خدائی اے

قبل از قیام پاکستان جب اس علاقہ میں نہر پورے علاقہ کو سیراب کرتی تھی۔ ایک دفعہ محکمہ نہر نے خود ہی نہر توڑ دی اور ذمے اہل مدہانی والا کے لگائی۔ اس وقت مولانا نور احمد صاحب زندہ تھے جو کہ راقم الحروف کے ناناجی تھے۔ انہوں نے حافظ سلطان سے کہا کہ نظم

لکھو چنانچہ انہوں نے فی البدیعہ اشعار لکھے۔ اشعار سن کر افسر محکمہ نہر نے مدھانی والا کے لوگوں کو بری کر دیا۔ میٹ اور پٹواری کی پٹائی کی۔

افضل	میٹ	دوجا	پٹواری
تیجے	بابو	ڈچکر	ماری
لتر	پینڈے	وارو	واری
ناکہ	کیوں	کروایا	اے

حافظ سلطان کے دوسرے بھائی مولوی محمد دین صاحب بھی شاعر تھے انہوں نے نافعتہ المسلمین نامی کتاب اشعار میں لکھی۔ حافظ محمد سلطان نے کافی کتب چھپوائی تھیں جن میں قصہ ہرنی المعروف معجزہ ہرنی، قصہ عاشق حضرت بلال زیادہ مشہور ہیں۔ جن کی جھلک ملاحظہ فرمائیں۔ گویا کہ حافظ محمد سلطان قصبہ مدھانی والا کے قابل فخر شاعر تھے۔

معجزہ ہرنی کے چند اشعار

واحد مالک اکبر خالق دائم اوس خدائی اے
قادر ہر قادر تے قادر اوسے نوں وڈیائی اے
بے مانند بے مثل لگانا ارحم اکرم پاک توانا

کشف الکوبی پیارا نا عالی ذات بقائی اے
نہ اس باپ نہ ہرگز مائی نہ اس بھین نہ اللہ بھائی
نہ زن بیٹا بیٹی کائی خبر قرآنوں آئی اے
جنگل سندی ہرنی کائی اوس جا چر دی چردی آئی
جاں تقدیر الہی آوے پیش کوئی تدبیر نہ جاوے
کیہڑا لکھے لیکھ مٹاوے غالب حکم جباری جی
تو سید سردار سارا صاحب شان ہزاری جی

اقتباس حضرت بلالؓ

احمد نبی محمد عالی والی دوہاں جہاناں دا
عربی مکی مدنی مہدی ہادی جن انساناں دا
عیسے موسے نبی گرامی دیگے پہلے خبر تمامی
آون والا مرسل نامی دوست اہل ایماناں دا
جاں تشریف لیائے ہر جانور ظہور کھنڈائے
کفر شرک بنہ بستر چائے مٹا زور سلطاناں دا
پڑھ بسم اللہ حمد خدا نوں آکھاں لکھ لکھ واری
جس نے اپنی قدرت سیتی سرجی خلقت ساری

قصہ جیویں بلال عاشق دا آیا نظر کتابوں
آکھ سنا سلطان فقیرا ہووے فضل جنابوں
موتوں اول مرنے والا قرب حضوری پاوے
مویاں بن سلطان فقیرا جنت ہتھ نہ آوے
عشق ہووے تاں ایسا ہووے جیویں بلال ولی دا
مشکل ہے سلطان فقیرا بننا یار نبی دا
بس کافی سلطان فقیرا نہ کر طول کلاماں
پڑھ صلوٰتاں تسلیماتاں اوپر شاہ اکراماں
منگ دعا سلطان فقیر احمداں بول زبانوں
کل مراداں حاصل ہوئیاں فضل خدا رحمانوں

